اس وقت بلوچستان کے لئے ہر آزمائش کا دور گذر رہا ہے۔ بلوچستان کے نوجوان چاہتے ہیں کہ ان کا پیارا وطن دنیا کی آزاد قوموں کی صف میں کوئی مناسب جگہ حاصل کرے۔ مگر بلوچستان کے سرداروں نے اپنی قوموں سے منہ موڑ لیا ہے۔ سوال پیدا ہوتا ہے۔ آپ کو اپنی قوموں کو بنا کر کیا سردار نہیں پاتے۔ اور جنکی دولت۔ عزت۔ اور طاقت کا دارومدار بھی کسی اور چیز پر ہے۔ انکی مخالفت میں۔ اپنی تمام امکانی کوششیں صرف کر رہے ہیں۔ مگر ہمارا ایمان ہے کہ کبھی وہ دن بھی آنے والا ہے کہ خدا کے بندوں کو کبھی بھی کوئی بہلا نہیں ہو سکتی۔ یا نوجوانوں کے نزدیک سردار وہ ہے۔ جسکو اپنی قوم کا بچہ بچہ دل و جان سے چاہتا ہے۔ یا جو اپنی قوم کی جائز خواہشات اور ضروریات کو ہر وقت پیش نظر رکھے۔ جو ذاتی مفاد کو قوم کے آرام و آسائش پر قربان کر دے۔ جسکی دولت۔ جس کی عزت۔ جس کا مال۔ جسکی جان۔ جسکی طاقت۔ اور جس کا سب کچھ قوم صرف قوم کے لئے ہو۔ جس سردار میں یہ باتیں نہیں۔ اسکو نوجوان ایک سیکنڈ کے لئے بھی سردار ماننے کیا سردار کہنے کے لئے بھی تیار نہیں۔ لہٰذا ہم بلوچستان کے سرداروں کو مخلصانہ مشورہ دیتے ہیں۔ کہ اللہ اور اسکے پاک رسول کے احکامات کی پیروی کریں۔ باطل کے مقابلے میں حق کی حمایت کریں۔ اللہ کے مظلوم بندوں کی دستگیری کریں۔ اپنی نادار اور مفلس قوموں کی خواہشات اور ضروریات کو حقارت کی ٹھوکروں سے نہ ٹھکرائیں۔

ان باتوں سے روگردانی کرنے والے سرداروں کا نام و نشان تک صفحۂ عالم کی طرح مٹ جائیگا۔ قدرت کا مضبوط اور سخت گیر پنجہ ان کی گردنوں کو آ دبوچے گا۔ اور ان کے ساتھ وہ ہو گا۔ جو ان جیسے فرعون سامانوں کے ساتھ ہوتا آیا ہے۔ اس لئے ہم بلوچستان کے ان سرداروں کو جو اسلام کے سچے فرزند ہیں۔ دعوت دیتے ہیں کہ آئیں۔ اور نوجوانوں کے ساتھ ملکر غریب اور مظلوم بلوچستان کے لئے اصلاحات حاصل کریں۔ تاکہ خدا اور اس کے نیک بندوں کے سامنے سربلند ہو سکیں۔

الادعہ ایوب اکیزئی بھی منتخب ہوئے۔ سید خیر محمد خان صاحب خزانچی مقرر ہوئے۔

اس اجلاس میں خان صاحب غلام حیدر خان کی جانفشانی۔ مولوی میرا حمد کا مادۂ تحمل اور میاں نصیر الدین کی محل شناسی قابل ستائش ہے۔

دعا ہے کہ خداوند کریم اس انجمن کو مسلمانوں کی متحدہ جدوجہد کا اسم بامسمیٰ ثابت کرے

اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

(نامہ نگار)

بقایا صفحہ ۱

کہ اب اعتراضات کیے جا رہے ہیں۔ اور گفتگو کے دوران میں زبان مبارک جھاگ سے اسقدر لبریز ہو گیا کہ اپنی یاوہ گوئی کا سلسلہ بھی جاری رکھنے سے قاصر ہو گیا۔

ان سے ایسی حرکات صادر ہونے لگیں کہ معاً ایک نووارد یہ باور کر سکتا تھا۔ کہ شاید یہ مجمع کسی ایکٹر کے تماشا دیکھنے کے لئے جمع ہوا ہے بعض منچلوں نے نعرے لگائے اور تالیاں بھی بجائیں۔ خدا خدا کر کے اس عجیب انسان کی نظم کاری ختم ہوئی بعض اسی دوران میں اجلاس چھوڑ کر چلے گئے اور اخیر تک نہ لوٹے۔

اس نظم کے اختتام پر معمولی سے وقفہ کے بعد ایک دوسرا صاحب کھیل کھیلنے لگا۔ جو ظاہر یہ کرتا تھا کہ سنجیدگی اور متانت کے جملہ حقوق اس نے اپنے لئے رجسٹرڈ رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے چاچا عزت خان کے کسی اعتراض کا جو جواب دیا۔ وہ مزاحیانہ دلچسپی سے خالی نہیں آپنے فوراً جواب دینے کی بجائے یوں سوال کیا کہ تم نے انجمن ہذا کو کیا کبھی کوئی رقم بھی دلایا صرف باتیں بناتے ہو۔

اس پر چاچا نے فرمایا کہ جناب نے اپنے جیب خاص سے کونسی رقم انجمن کو عنایت فرمائی ہے۔ انجمن سادہ لوح زمینداروں اور شریف النفس سرداروں کے سرمایہ پر قائم ہے۔ جن کو آپ ایسے لوگ ادھر اُدھر کی باتیں بنا بنا کر لوٹ آتے ہیں۔ اور نصف سے زیادہ ذاتی ضروریات اور نصف سے کم شاید انجمن کے ضروریات پر خرچ کرتے ہیں۔ افسوس ہے۔ کہ انجمن کے مداخل و مخارج کا کوئی ریکارڈ نہیں رکھا گیا۔ ورنہ میں بخوبی واضح کرتا کہ اسقدر اس انجمن کے سرمایہ میں خیانت اور غبن سے کام لیا گیا ہے اسپر [illegible] صاحب کچھ ایسے خاموش ہوئے کہ [illegible] سکوت نہ توڑا۔

[illegible] بدنظمی کے دوران میں صدر صاحب کچھ اصطلاح چین و آرام سے اپنے [illegible] خاص پر تکیہ لگائے بیٹھے تھے۔ گویا کچھ ہوا نہیں۔ [illegible] ایسے کھیل کھیلنے ضرور تھیں اس کے بعد [illegible] انتخابات شروع ہوا ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبروں کے انتخابات [illegible] وقت لیا۔

ایگزیکٹیو کمیٹی میں صدر [illegible] کے بعد [illegible]

[illegible] میر [illegible] چاچا عزت خان [illegible]

Yousaf Aziz Magsi Chair

حاجی خان عبدالسلام خان اچکزئی سے نمائندہ "الحنیف" کا انٹرویو

پچھلے دنوں حاجی خان عبدالسلام خان اچکزئی جیکب آباد تشریف لے گئے۔ آپ نے "الحنیف" کے نمائندے سے دوران ملاقات میں فرمایا کہ:-

میں اپنے چھوٹے بھائی خان عبدالصمد خان اچکزئی کی اسیری کی وجہ سے زیادہ پریشان ہوں۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ صداقت [illegible] زیادہ مشکلات سامنا کر رہا ہے۔ البتہ مجھے اس بات کا دلی رنج ہے کہ جیل کی ناقص خوراک اور [illegible] سے بھائی کی صحت خراب ہو رہی ہے۔ اور مجھے خوف ہے کہ اگر چند روز اس کے ساتھ یہی برتاؤ کیا گیا۔ تو وہ مجبور ہو کر دوبارہ [illegible] بھوک ہڑتال شروع کر دیگا۔ جس سے اسکی زندگی یقینی طور پر خطرے میں پڑ جائیگی۔ مجھے اس بات کا بھی افسوس ہے کہ پچھلی دفعہ جب میرے بھائی نے [illegible] بھوک ہڑتال کی تو ہمیں اطلاع تک نہ دی گئی مجھے پورے اٹھارہ دن گذر جانے کے بعد معلوم ہوا۔ اور میں اسکا [illegible] دیکھنے کے لئے چلا گیا۔ ایک ہفتہ تک وہاں رہا۔ مگر مجھے ملنے نہ دیا گیا۔ اور یہ وقت تھا۔ جب [illegible] کی حالت بے حد [illegible] تشویشناک جا رہی تھی۔

بلوچستان میں مجوزہ اصلاحات کے [illegible] آپ نے فرمایا۔ کہ میرے محترم میزبان مسٹر محمد امین خان کھوسہ اس بات کی ضرور گواہی دینگے۔ کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں زندگی [illegible] پیدا ہو چکا ہے۔ یہ ممکن ہے۔ کہ بعض غرض مند بغاوت سے تعبیر کریں۔ مگر [illegible] ہوگا۔ اور بلوچستان جیسے خطے میں یہ حصول اصلاحات [illegible] ہے۔ میں موجودہ حالات سے بالکل مایوس نہیں ہوں۔ میں اپنے ملک کے مستقبل کو اچھی طرح دیکھ رہا ہوں۔ انشاءاللہ [illegible] بجائے قرآن پاک پر عمل ہوگا۔ اور بفضل خدا ہمارے بزرگ کے ممبر بھی ہونگے۔ بچے [illegible]

جهاز ابو بی

اچکزئی سٹورس

بلوچستانیونکی اپنی دکان

ہم نے آپ بلوچستانیوں کی تکلیف کا احساس کر کے اپنی دکان کھولی ہے ہر قسم کی چائے کے ساتھ ساتھ اپنے وطن کی تمباکو اور نسوار وغیرہ اور ملکی وغیرہ اشیاء اور کپڑا وغیرہ دیگر وغیرہ مہیا کی ہیں۔ اور جو اسکے آپ کو نہایت مناسب ارزاں اور رعایت مل سکتی ہے۔

محمد ایوب عبدالقدوس بازار صرافاں کوئٹہ

آپ کا مستقبل

ایک پوسٹ کارڈ پر اپنا مکمل نام و پتہ و ٹھیک وقت تحریر لکھکر ہماری آفس بھیجئے۔ ہم صرف ایک روپیہ چار آنے میں وی پی کے ذریعہ آپکے آئندہ آنے والے بارہ [illegible] نفع نقصان۔ تجارت میں کامیابی و ناکامی ملازمت میں ترقی و تنزلی۔ بیماری و غم۔ معاملات میں خوشی و محبت اور جسمانی و دماغی حالات غرضکہ آئندہ سال میں آنے والے جملہ حالات بھیجدیں گے ایک دفعہ کی آزمائش [illegible] اور پیشین گوئیوں کی صداقت آپ کو قائل کرا دیگی۔

نوٹ:- مبلغ پچاس روپیہ [illegible] کر دیا جائیگا۔ جو ہمارے دعوے کو غلط ثابت کرنے کی جرأت کریگا۔

چارم ہاؤس پوسٹ بکس نمبر ۱۲۸ لاہور

خان اچکزئی اور رفیق گردی یاد

عبدالعزیز گرد پہ الویون فخر عبدالصمد کی ذات پہ ناز دی اچکزئی

رتن

امپیریل ٹاکیز

جمعہ تاریخ ۲۵ سے شروع

سروج مووی ٹون کا زبردست ٹاکی فلم

غافل مسافر

جس میں ماسٹر اشرف خان۔ جانی بابو۔ مس سردار۔ اختر زیبو۔ وغیرہ کام کرتے ہیں۔

رجسٹرڈ نمبر ایس 533

غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں (اللہ اکبر) جو ہو ذوق یقین پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

خان اچکزئی اور رفیق کرد کی یاد

عبد العزیز کرد یا بلوچوں کو فخر ؛ عبد الصمد کی ذات پہ نازاں اچکزئی

الہیات

ظلم کرنے سے بچو کیونکہ ظلم قیامت کے دن ظالم کے سامنے اندھیرا ہوگا۔ اور بخیلی سے بچو کیونکہ بخیلی نے تم سے پہلوں کو ہلاک کیا اس نے ان کو اس بات پر آمادہ کیا کہ انہوں نے اپنے خون بہائے اور حرام چیزوں کو حلال کیا۔ (حدیث)

وطنیات

بتاؤں کیا تجھے کہ شاخِ گل پہ آشیاں اپنا
چمن میں آہ کیا رہنا جو ہو بے آبرو رہنا
(اقبال)

ہفتہ وار بلوچستان جدید کراچی

مدیر: پیر بخش نسیم تلوئی
معاون: محمد حسین عنقا

سالانہ	چندہ	چار روپیہ
ششماہی	”	دو روپیہ
سہ ماہی	”	ایک روپیہ

گورنمنٹ	سے	بیس روپیہ
تعلقدار	”	دس روپیہ
طالب علم	”	دو روپیہ

جلد | یوم جمعہ ۱۸ صفر المظفر ۱۳۵۳ھ مطابق یکم جون ۱۹۳۴ء | شمارہ

بلوچستان کے بیگار زدہ مزدوروں کی کہانی انہی کی اپنی زبانی

ہائے ہمیں سرداروں نے
ان بے ہنگام شکاروں نے
یاں شام و سحر بیگار میں ہیں کیا
اس ہر دم کی بیگاروں سے
پرچھیے کیا مجبور ہیں ہم
ہر خشک سستم کے واسطے ان
کیمپنگ اگر کرتے ہیں تو ہم
افسوس کہ میلوں کی یہ سڑک
انعام ملیں سرداروں کو

ان ظالم اجارہ داروں نے
دن رات کی ان بیگاروں سے
ہر ہفتے اور مہینے میں
ہیں داغ ہمارے سینے میں
مجبور ہیں اور مسدود ہیں ہم
بیگاروں کے مزدور ہیں ہم
گاؤں سے وہاں مرتے ہیں تو ہم
طیار اگر کرتے ہیں تو ہم
اور ہوتے نمبردار وں کو

اس وقت کوئی پوچھے تو بھلا
ہاں کس کو دیا انعام مجھ سے
جو آپ سے بھی یوں کہتے ہیں
سادہ جنہوں نے کام کئے
ہو جن کی بدولت آئے تم
محنت کا یہ جس کے پسینے ہے
جو بزم طرب سے آپ کے دور
کیوں دیتے ہو یہ سرداروں کو
یہ دے دو ان مزدوروں کو

کیوں ہم جیسے بیچاروں کو
سرکار بڑا ہی باغی ہے
ان اس سے بڑا ہر کام ہے
بیگار جنہوں نے کی یہ سڑک
مزدور سے منظور اور ہاں تک
ان مزدوروں کو پسینہ ہے
پیروں سے جو گا بیٹھا ہے
سرداروں کی سرداروں کو
ان بیچارے مجبوروں کو

(پیر بخش پرنٹر و پبلشر نے عباسی الیکٹرک لیتھو پریس کیمبل سٹریٹ کراچی میں چھپوا کر دفتر بلوچستان جدید ہارنس سٹریٹ کراچی سے شائع کیا)

Yousaf Aziz Magsi Chair

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہفتہ وار
بلوچستان جدید

یکم جون سنہ ۱۹۳۴ء

ہمارے مطالبۂ اصلاحات کے متعلق

ہم محسوس کرتے ہیں کہ بلوچستان کے عام لوگ اصلاحات کے معنی بہت کم سمجھتے ہیں۔ اور مخالفین اصلاحات جیسی نعمت کو ایک ڈراؤنی صورت میں پیش کرتے ہیں۔ اسلئے ہم آج کی صحبت میں "اصلاحات" کے اصلی مفہوم کو عام بلوچستانیوں کو سمجھانا چاہتے ہیں۔

لفظ اصلاحات جمع ہے اصلاح کا اور اصلاح کے معنی ظاہر ہیں۔ ہر لکھا پڑھا کیا بلکہ ہر ان پڑھ بھی اسکے معنی جانتا ہے۔ استاد اپنے شاگردوں کی غلط عبارتوں اور غلط لفظوں کی اصلاح کرتا ہے۔ باپ اپنے بچوں کی بری عادتوں اور بری گفتگو کی اصلاح کرتا ہے۔ بالکل اسی طرح ایک قائد اور رہنما اپنی قوم کی بری رسموں اور ناقص طرز حکومت کی اصلاح کرنی چاہتا ہے۔ دراصل بادشاہ اور سردار کو ایسی اصلاحات کرنی چاہئے۔ لیکن بادشاہ اور سردار بھی آدمیزاد ہیں ان میں سے بعض خود مجرم اور کم عقل ہوتے ہیں۔ اور قوموں کی اصلاح تو درکنار اپنی اصلاح بھی کر نہیں سکتے۔ چنانچہ ایسے بادشاہ اور سرداروں کی نالائقی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ قوموں اور ملکوں میں بری باتیں بالکل ایک سرے سے دوسرے تک پھیل گئی ہیں۔ اور ان میں ہر روز جنگ، فساد، اور نااتفاقی بڑھ گئی ہے خونریزیاں ہوتی ہیں۔ اور قوم کی قوم تباہ ہوگئی ہے بادشاہتیں الٹ گئی ہیں۔ اگر دوسری قوموں کی تاریخ سے عام بلوچستانی ناواقف ہیں۔ لیکن اسلامی تاریخ کو وہ کافی جانتے ہیں۔ جب تک مسلمانوں میں اسلامی جوہر تھا وہ روئے زمین کی تمام قوموں پر غالب تھے۔ اکثر دنیا کو فتح کرکے اس پر حکومت کرتے رہے لیکن جب مذہب کی بجائے ان میں بری رسمیں آگئیں تو آج ہر شخص دیکھ رہا ہے کہ انکی کیا حالت ہے؟

ترک آج کچھ ہیں۔ تو اس لئے کہ وہ "غازی مصطفیٰ کمال" کے جھنڈے کے نیچے جمع ہوئے۔ اگر ایرانی کچھ ہیں تو اس لئے کہ انہوں نے "غازی رضا شاہ پہلوی" کی دعوت کو لبیک کہا۔ میرا مطلب یہ ہے کہ قوم کی قوم عقلمند نہیں ہوسکتی ان میں ایک ایک ایسے ہوتے ہیں جن میں "رہنما" ہونے کی اہلیت ہوتی ہے پھر قوم جب دیکھتی ہے کہ وہ شخص نیک ہے عقلمند ہے اسکو اپنا ذاتی کوئی لالچ نہیں بلکہ وہ قوم کی بہتری چاہتا ہے تو پھر وہ قومیں جن پر خدا کی رحمت ہوتی ہے اور جن میں ذرا بھر بھی عقل ہوتی ہے۔ وہ قومیں جن میں حیا اور غیرت ہو [illegible] کی قسم کی ذلت اور کم بیانی کو اپنے لئے گوارا نہیں کرسکتیں۔ وہ کیا کرتی ہیں؟ مجتمع ہیں اور اس نیک اور دانشمند مرد خدا کو اپنا رہنما تسلیم کرتی ہیں اور اسکے کہنے کے مطابق اپنی جانیں اور مال قربان کرتی ہیں جن قربانیوں کے بعد انکو فتح حاصل ہوتی اور [illegible] نصیب ہوتی ہے اور ان رسوائیوں اور ذلتوں، کم بیانیوں سے نجات ملتی ہے کسی زمانے میں خالق العالم ایسے کام اپنے رسولوں اور نبیوں سے لیا کرتا تھا۔ لیکن خاتم النبیین کے بعد ایسا کام وہ اب اپنے بعض نیک اور عقلمند بندوں سے لیا کرتا ہے ترکوں ایرانیوں بلکہ خود ہمارے افغانستان کے افغان بھائیوں کے انقلابات ہمارے سامنے ہیں۔ ٹھیک اسیطرح آج ہمارے بلوچستان کو بھی ایک نیک عقلمند اور خود غرضیوں سے پاک رہنما کی ضرورت ہے۔ ہم نہیں کہتے کہ قوم خان عبدالصمد خان اچکزئی" یا "نواب یوسف علی خان مگسی" یا فلاں ابن فلاں کو اپنا "رہنما" تسلیم کرے اور اسکے جھنڈے کے نیچے جمع ہوکر کام کرے بلکہ جسے چاہے اپنا رہنما تسلیم کرے۔ لیکن یہ امر مسلم ہے کہ بلوچستان کے طول و عرض میں ایسی رسمی اور نظامی خرابیاں پھیلی ہوئی ہیں۔ جنکا اگر انسداد اور علاج نہ کیا گیا تو مستقبل قریب میں بلوچستان بالکل تباہ ہوکر رہیگا۔ آج انکی ذلت کی یہ انتہا ہے کہ جب حکومت کوئی ایسا پروگرام تیار کرتی ہے جسمیں اسکی ماتحت قوموں اور زیر انتظام ملکوں کی بہتری اور خوشحالی کی باتیں ہوتی ہیں۔ تو ہندوستان کی ہر قوم ہر ملک کا نام اس پروگرام میں ہوتا ہے یہانتک کہ ہندوستان کے چوہڑے چمار بھی فراموش نہیں کئے ہوتے۔ لیکن اگر کوئی قوم اور کوئی ملک اس پروگرام میں نہیں ہوتا تو وہ قوم وہ مظلوم بلوچستانی، اور وہ ملک بدنصیب بلوچستان ہے۔ آج ہندوستان کے چوہڑے چماروں کا نمائندہ اسمبلی پارلیمنٹ میں جا بیٹھنے کا حقدار ہے جہاں بلوچستان کا بڑے سے بڑا سردار یعنی خان قلات بھی پھٹک نہیں سکتا۔ کیا اس سے بڑھ کر بھی کوئی ہتک کسی کی ہوسکتی ہے کیا اس ذلت کے بعد بھی بلوچستان کو خاموش اور شاکر رہنا چاہئے۔ اور اٹھ کر حکومت سے کہنا چاہئے کہ آخر ہم نے کونسا گناہ کیا ہے کہ ہمیں اسقدر ذلت کی زندگی بسر کرنے پر مجبور کررہی ہو۔ ہم بھی تو تمہاری رعایا ہیں ہمیں بھی ان عنایات نوازشات اور ان حقوق کا حقدار سمجھا جائے جن سے تمہاری دیگر رعایا تو متمتع ہیں ہمیں بھی وہی دو جو انکو دیا ہوا ہے یہ کوئی "بغاوت" نہیں۔ بچہ جب تک ماں سے دودھ نہ مانگے ماں بیچاری کو کیا خبر کہ اسکے "لال" کو دودھ کی ضرورت ہے اس لئے وہ خاموش بیٹھی ہوئی اپنا کام کاج کئے جاتی ہے اور اپنے لخت جگر پیارے بچے کو دودھ نہیں پلاتی لیکن جب بچہ چیخنے اور آواز بلند کرنے لگتا ہے تو ماں مضطرب ہوجاتی ہے اور تمام ضروری کاموں کو بالائے طاق رکھکر بچے کو دودھ پلانے کیلئے دوڑتی ہے۔ پھر بچہ اگر نخرہ کرے تو وہ نازبرداری کرتی ہے بچے کا رونا نہ بغاوت ہے اور نہ ماں اسے قبل از وقت اور بے محل یا جسارت سے تعبیر کرتی ہے۔ کیونکہ بچے کے دودھ مانگنے کا کوئی وقت اور محل نہیں ہوا کرتا۔

ہاں میں بتلانا بھول گیا۔ کہ بعض موقعے ایسے بھی ہوتے ہیں کہ بچہ دودھ مانگتا ہے اور روتا ہے لیکن ماں کسی بالکل اہم کام میں مصروف ہوتی ہے اور بچے کے رونے کی آواز کو سنتی ہے اسکو تسلیاں اور بد دعائیں دیتی ہے بچہ بھی چپ ہو جاتا ہے اور اپنا ضروری کام کئے بھی جاتی ہے۔ لیکن ماں کا یہ اطمینان بچے کے غصے میں نمایاں اضافہ کرتا ہے مقصد اس اندر سے

کہ گھر کی فضا قریح اٹھتی ہے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ماں کو جھکنا پڑتا ہے اور سب کام چھوڑ چھاڑ بچے کو دودھ پلانے آجاتی ہے بعض موقع ایسے بھی آجاتے ہیں کہ بچے کے اس زور سے چیخنے کی بھی پرواہ ماں نہیں کرتی۔ اور اپنا کام کئے جاتی ہے۔ لیکن پھر اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس گھر اور اس محلہ کے بسنے والے اور بسنے والیاں بھاگ آتے ہیں اور ماں کو لعن طعن کرکے بچے کو تسلی دیتے ہیں پھر ماں کو بھی لاچار ہوکر تمام کام چھوڑ کر بچے کی دلداری کرنی پڑتی ہے۔

جب بچہ بڑا ہوتا ہے اور جب اسکی کسی جائز خواہش کو ماں ٹھکرا دیتی ہے تو وہ اسکے سوا اور کوئی حربہ استعمال نہیں کرتا کہ روئے ہاتھ پاؤں مارے۔ احتجاج کے طور پر روٹی کھانی بند کرے۔ بول چال بند کرے۔ [illegible] روٹھ کر باہر جائے ٹھیک اسی طرح قومیں حکومت سے کوئی جائز مطالبہ کرتی ہیں۔ بعض وقت حکومت بہت کم توجہ دیتی ہے پھر قومیں چیخنا چلانا۔ اور رونا شروع کر دیتی ہیں اگر اب بھی حکومت لاپرواہی دکھاتی ہے تو پھر آل زمانہ کی چلی ہوئی تحریک کے مطابق بھوک ہڑتال [illegible] موالات [illegible] وغیرہ کے حربے استعمال کئے جاتے ہیں۔

ہم بلوچستانی بھی آدم [illegible] ہیں [illegible] اس لئے دیگر قوموں کی اتباع یوں سمجھو کہ قانون فطرت [illegible] ہم کو بھی اپنے حقوق جیسے اصلاحات لینا چاہئے۔ حکومت سے اسکا [illegible] اور حکومت سے کبھی ہمارے جائز خواہشات کو ٹھکرا نہیں سکتی کیونکہ [illegible] آئرلینڈ، اضلاع متحدہ امریکہ، آسٹریلیا - خود ہمارے اپنا ملک ہندوستان حکومت کو اپنے جائز حقوق منوا چکا ہے، اور اصلاحات لے چکا ہے یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے۔ کہ صوبہ سرحد کے پٹھانوں کو حکومت اصلاحات دے۔ اور بلوچستان کے پٹھانوں کو محروم رکھے۔ یہ بھی کیسے مانا جا سکتا ہے کہ صوبہ سندھ اور پنجاب کے بلوچوں کو حکومت اصلاحات دے اور بلوچستان کے بلوچوں کو نہ دے۔ نہیں ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا وجہ صرف یہ ہے کہ صوبہ سرحد کے پٹھانوں اور صوبہ سندھ و پنجاب کے بلوچوں نے حکومت سے اصلاحات مانگے اور نہ لفظی طور پر مانگے بلکہ عملی طور پر مانگے روئے، چلائے۔ احتجاج کئے، تقریریں کیں، [illegible] لیکن [illegible] اور برابر اصلاحات کے مطالبہ پر اڑے رہے نتیجہ یہ ہوا کہ انکو اصلاحات دیئے گئے۔ اسی صورت اگر ہم بھی حکومت سے اصلاحات مانگیں اور عملی طور پر مانگیں تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ حکومت ہماری اس خواہش کو پورا نہ کرے بلکہ ہم دعوے سے کہتے ہیں کہ صوبہ سرحد نے پانچ سال کے اندر اندر اصلاحات حاصل کئیں ہمیں اس عرصہ سے بھی کم میں اصلاحات ملیں گی

کیونکہ ایک تو حکومت کو تلخ تجربات ہوئے ہیں دوسرے یہ کہ حکومت اچھی طرح جانتی ہے کہ تمام سلطنت کے صوبوں ملکوں اور قوموں کو اصلاحات ملی ہیں۔ انکے اپنے ملک ہندوستان کو اصلاحات حاصل ہیں انکے اپنے قومی بھائیوں یعنی سرحد کے پٹھانوں اور سندھ کے بلوچوں کو اصلاحات دیدی گئی ہیں۔ تو یہ کیسے ممکن ہوسکتا ہے کہ بلوچستان کو محروم رکھا جائے اور انکے غیور اور جوان پٹھانوں اور بلوچوں کو کچھ نہ دیا جائے۔ تیسرے یہ کہ اپنے ہندوستان کی تمام قومیں اور سر برآوردہ ہستیاں ہماری پشت پر ہیں اور ہم کو ترجم کی مدد پہنچاتی ہیں بلکہ پہنچانے پر مجبور ہیں کیونکہ جب تک ہندوستان ہمیں ساتھ نہیں لیگا وہ مکمل صورت میں کیسے آزادی کی جنگ میں کامیاب ہوگا۔ بلوچستان ہندوستان کا ایک ایسا اہم جزو ہے جیسے کسی گھر کا دروازہ اسلئے جب تک دروازہ اپنا نہ ہو گھر اپنا کبھی نہیں ہوسکتا۔

بہرحال مطلب یہ ہے کہ ہم بلوچستانیوں کو اٹھکر اپنے حقوق کا حکومت سے مطالبہ کرنا چاہئے اور ان لائنوں پر کام کرنا چاہئے جن پر ہمارے سرحدی پٹھانوں اور سندھی بلوچوں نے کام کیا ہے کیونکہ ہماری نسل ہمارے مذہب اور ہمارے باوشاہ بالکل ایک ہے۔

اب ہم پھر ان اصلاحات کی طرف رخ کرتے ہیں کہ وہ اصلاحات کیا ہیں۔ جنکی ہمیں ضرورت ہے یہ ایک ایسا سوال نہیں کہ اسکو ہم حل کریں بلکہ ایک ایسا سوال ہے۔ کہ اسکو تمام قوموں کے سربرآوردہ نمایندے متفقہ حل کریں۔ البتہ ہم یہاں اسقدر ضرور کہہ سکتے ہیں کہ ہمیں کن کن چیزوں میں اصلاحات کی ضرورت ہے ہماری صورت کو پیش نظر رکھکر ہم ان موٹے موٹے سوالوں کو پیش [illegible] جانتے قوموں کو ایک خوشحال زندگی میسر آسکتی ہے۔ اور ان اصولوں کو چھوڑ دینے یا ان میں [illegible] خرابیاں آجانے سے قومیں تباہ و برباد ہو جایا کرتی ہیں [illegible] مذہبی حالت، سیاسی حالت، تعلیمی حالت، اقتصادی حالت، اخلاقی حالت۔

مذہبی حالت ہماری یہ ہے کہ [illegible] باقاعدہ [illegible] جہاں [illegible] اسقدر [illegible] کو زیادہ ترجیح دیجاتی ہے ہمارے مقامات ہیں رسم ورواج پر عمل [illegible] ازدواجی زندگی ہے تو بھی رسم و رواج کی رو سے ہے [illegible] کی بنا پر ایک مسلمان ملک میں جا بجا شراب خانے کھولے ہوئے ہیں۔ چکلے بنائے ہوئے ہیں [illegible] دختر فروشی کی لعنت ہے۔ سودخواری کے چرچے ہیں کشت و خون کا بازار گرم ہے۔ غرض وہ کونسی لعنتیں نہیں ہیں جو ہمارے ملک پر برس نہیں رہیں۔

سیاسی حالت ہماری یہ ہے کہ ہم سیاست کے معنی پر غور کرنے نہیں

(دیکھو صفحہ ۸ پر)

تبصرہ

جھوٹ! سفید جھوٹ!!

یوں تو جھوٹ کی بے شمار قسمیں ہیں۔ لیکن سفید جھوٹ مبالغہ دروغ زنی کی آخری منزل ہے۔ جہاں پہنچکر ایک شخص [illegible] کے زمرے میں شمار ہونے لگتا ہے۔ کہ عراق الحمقا کا خطاب ہوا لقب اسکی شان میں مزید اضافہ کا باعث ہوتا ہے۔ اسی قسم کے لوگوں میں سے ہمارا نامہ نگار ایک شخص مسمی گوہر خان کے متعلق اطلاع دیتا ہے۔ جسے ہم ناظرین کی ضیافت طبع کی خاطر ذیل میں درج کرتے ہیں۔

ان دنوں گوہر خان اپنے مخصوص انداز میں فرمایا کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں اپنی پارٹی کو لیکر پہاڑ پر شکار کھیلنے گیا۔ ہم تمام شکاری دن بھر پہاڑ میں پھرتے رہے مگر کوئی شکار ہاتھ نہ آیا۔ آخر شام کے وقت مایوس ہو کر اپنے کیمپ میں لوٹ آئے۔ رات کے کھانا کھانے کے بعد میں اپنے خیمے میں سوگیا کیا دیکھتا ہوں کہ سامنے والے پہاڑ کی بلندی سے ایک پہاڑی کا بکرا نیچے اتر رہا ہے۔ پہاڑ سے نیچے اتر کر وہ ہمارے کیمپ کا رخ کرکے بڑھتا چلا آیا۔ یہاں تک کہ وہ میرے خیمے سے کوئی دس قدم کے فاصلہ پر آکر رک گیا۔ بس اسکے رکنے کی دیر تھی کہ میری بندوق خود بخود چلی۔ اور بکرا زمین پر گرکر تڑپنے لگا۔ بندوق کے دھماکے سے میری آنکھ کھلی اور میں نے چاقو لیکر فوراً اسکو ذبح کرڈالا۔ اور ہماری پارٹی نے نہایت مزے کے ساتھ اس کا گوشت کھایا۔

ہاں اس سلسلے میں اس شخص کی نسبت ایک اور دلچسپ بات بھی قابل ذکر ہے کہ یہ صاحب ایک دن سردار بہادر سردار میر محمد ابراہیم خان لہڑی سے ملنے کیلئے تشریف لے گئے۔ اور اپنے [illegible] کی قطار میں یہ تازہ جھوٹ بھی [illegible] دیا۔ [illegible] سننے کے بعد سردار صاحب جیسے زندہ دل [illegible] اور صاف الفاظ کی زبان سے بے ساختہ نکلا۔ کہ بابا! جھوٹ مجھے! سفید جھوٹ!! [illegible] وہ بزرگ باز نہیں آئے۔ اور ہر محفل میں [illegible] سفید جھوٹ [illegible] شروع کر رکھا ہے۔ اب [illegible] کا کیا ہوگا [illegible] سفید جھوٹ [illegible] بکنے سے بھی نہیں چوکتے ہمارے نزدیک [illegible] کر رہا ہے۔

Yousaf Aziz Magsi Chair

مسلمانوں کی مصیبتوں پر آنسو بہانے والا "زمیندار" پھر عالم وجود میں!

کچھ بات ہے کہ ہستی مٹتی نہیں ہماری
صدیوں رہا ہے دشمن دورِ زماں ہمارا

"زمیندار" کو مسلمانوں کی قابل قدر خدمات انجام دیتے ہوئے آج ربع صدی ہو چکی۔ اس کی ہمہ سالہ زندگی [illegible] مشکلات اور مصائب کا مقابلہ کرتا رہا ان کی تفصیلات سننے کی طاقت [illegible] ایک صحیح انسان کی آنکھوں میں خون اتر آتا ہے۔

پچھلے دنوں "زمیندار" ایسی ہی مشکلات کا شکار ہو کر بند ہوا۔ ہمارا خیال تھا کہ اس دفعہ [illegible] مسلمانوں کی اس آخری [illegible] کے موت کی نیند سلا دیگا۔ مگر قدرت کے حق [illegible] کون انکار کر سکتا ہے "زمیندار" کو دوبارہ عالم وجود میں آ [illegible] ہیں۔

آج ایک [illegible] "زمیندار" کا پہلا نمبر ہمارے ہاتھوں میں ہے جس کا ایک ایک حرف ایک ایک نقطہ۔ ایک ایک سطر ایک ایک کالم [illegible] حق و صداقت کا طویل تفسیر ہے۔

"زمیندار" [illegible] جاری ہونے سے جس درجہ ہماری خوشیوں اور شادیوں میں اضافہ کیا ہے۔ اس کا اندازہ وہی کچھ کر سکتے ہیں۔ جن پر ہماری طرح ظلم [illegible] کی [illegible] "زمیندار" نے دنیا کے کونے کونے تک پہنچائی ہوں۔ ہم اس موقعہ پر آقائی ظفر علی خان جیسے مرد مجاہد کو ان [illegible] کوششوں [illegible] سے دیکھتے ہیں۔ وہاں مسلمانوں کو ان کے احساس زندگی کے لئے اپنے دل کی انتہائی گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہیں۔ جنہوں نے "زمیندار" کی صدائے صداقت کو دنیا کے [illegible] کے در و دیوار پر ایک دفعہ لرزہ طاری کر دیا۔ جسے اب زندہ رکھنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔ جو اسلام کا سچا فرزند ہے۔

(مدینہ)

مسلمانان سندھ اور اسمبلی کی نشستیں

اسمبلی کے آئندہ انتخاب میں مسلمانان سندھ کو [illegible] نشستیں [illegible] متعدد [illegible] امیدواری کا اعلان کیا ہے

جن میں سے ایک رئیس علی محمد خان مری جاگیردار [illegible] ضلع نواب شاہ کے رہنے والے ہیں۔

ہم نہیں کہہ سکتے کہ ان بزرگوں میں سے کس کس کو مسلمانان سندھ کا نمائندہ بن کر اسمبلی میں [illegible] البتہ اس قدر ضرور کہتے ہیں۔ کہ سندھ کے ووٹروں کو اپنے قیمتی ووٹ اس امیدوار کو دینے چاہئیں جو ان کا حقیقی خیر خواہ ہو۔ ہمارے نزدیک رئیس [illegible] مذہبی۔ وطنی اور ملی خدمات اس قابل ہیں۔ کہ ان کی کامیابی کے لئے سندھ کے ہر مسلمان کو انتہائی کوشش کرنی چاہئے۔ جس کو اپنے [illegible] اور جسکے پہلو کو تنہ [illegible] لیتے صوبہ کی پسماندگی اور اپنی سندھ کے مسلمانوں کی موجودہ حالت ہندوستان کے دوسرے صوبوں کے مسلمانوں سے [illegible] ابتر اور قابل افسوس ہے۔ جس کی وجہ سوائے اسکے اور کچھ نہیں۔ کہ وہ اپنے نمائندوں کا ٹھیک جائزہ نہیں لیتے رہے۔ اور انکی خاموشی [illegible] رہے ہیں اگر اپنے مفاد کو [illegible] چھری سے ذبح کرنے کے مرتکب رہے ہیں۔ لہذا ہمیں امید ہے کہ اس دفعہ سندھ کے مسلمان رئیس صاحب جیسے وطن دوست۔ مذہب پرست۔ اور آزاد خیال مسلمان کو ووٹ دیکر اپنے مفاد کو پامال نہ ہونے دینگے۔

(مدینہ)

مدینہ بجنور اور ضمانت

مسلمانوں کا وقیع اخبار مدینہ ہمارے پاس تبادلے میں آیا کرتا ہے۔ اسکی دو ایک جدائیوں نے ہمیں کراچی کے بک اسٹال والے سے لینے پر مجبور کیا۔ جہاں سے پرچہ حاصل کرنے کے بعد

معلوم ہوا کہ مسلمانوں کے اس پر دلعزیز اخبار سے ایک ہزار روپے کی ضمانت فخر افاغنہ خان عبدالغفار خان کی مقاطعہ جوئی کے سلسلے میں مضامین لکھنے کی پاداش میں طلب کی گئی ہے۔ حالانکہ اسکے لئے صرف تنبیہ کافی تھی۔

مدینہ میں خاموشی اور متانت سے مسلمانوں کی مذہبی۔ وطنی اور ملی خدمات انجام دے رہا ہے۔ وہ اس قابل نہیں۔ کہ انہیں فراموش کیا جا سکے۔

اخبار مذکور کے مالک نے اعلان کیا ہے۔ کہ وہ ضمانت ادا کرنے کے لئے مسلمانوں سے سوائے اسکے اور کوئی مدد نہیں چاہتے۔ کہ "مدینہ" بک ایجنسی کی مطبوعات خریدی جائیں۔ اور کچھ نئے خریدار بہم پہنچائے جائیں۔ جو ہمارے نزدیک مدد کرنے کا ایک بہترین اور سہل طریقہ ہے۔ کیونکہ "مدینہ" بک ایجنسی کی کتابیں اس قابل ہیں کہ ان کا ہر ایک نسخہ ہر مسلمان کے گھر میں موجود رہنا چاہئے اس کے علاوہ "مدینہ" کے خریداروں کے لئے کچھ نئے خریدار پیدا کرنا بھی کوئی مشکل کام نہیں۔

اندریں حالات ہم مسلمانوں سے درخواست کرتے ہیں کہ اخبار مذکور کے مالک کی درخواست کے بموجب مدد فرما کر اپنے [illegible] فرض سے سبکدوش ہوں۔

"طیر ابابیل" حیدرآباد سے پانچسو روپے کی ضمانت

سندھ کے اخبارات کہتے ہیں۔ کہ مسلمانان سندھ کی بہی خدمت کرنے والی ہفتہ وار اخبار "طیر ابابیل" حیدرآباد سے ہندو اخبارات کے بیجا افترا آت کے ترکی بہ ترکی جواب دینے کے سلسلے میں پانچسو روپے کی ضمانت طلب کی گئی ہے۔ اگرچہ حقیقت ہے۔ کہ ہم اس قدر کہنے پر مجبور کر دئے گئے ہیں۔ کہ ہندو اخبارات کے عریاں حملوں کے مقابلے میں "طیر ابابیل" کے جوابات اس قدر سخت نہ تھے۔ جنکی پاداش میں اس سے پانچسو روپے کی ضمانت طلب کی جاتی۔ بہرکیف جب ایسا ہو چکا ہے۔ تو سندھ کے مسلمانوں کو چاہئے۔ کہ اپنے اس اسلامی۔ وطنی اور قومی اخبار کو زندہ رکھنے کے لئے ہر قسم کا مالی ایثار ادا کریں۔

شہرۂ آفاق ... شہری موقعہ

سستا اسٹک اور سفری گراموفون

صرف [illegible] کی قیمت کا پندرہ روپے میں

صرف یہی نہیں [illegible] فوراً روپیہ بھیجدیں۔ ہم آپ کو فوراً ایک [illegible] مکمل [illegible] مال گاڑی کے ذریعہ بھیج دینگے۔

جلد کریں [illegible] مقابلہ نہیں ایسے [illegible]

انڈو ٹریڈنگ کمپنی مچھیہٹہ لکھنؤ

عرضداشت بحضور مسلمانانِ ہند

اے ملّتِ بیضا کہیں ہو جائے نہ خاموش

آوازۂ اسلام ہے آوازِ "زمیندار"

روزنامہ "زمیندار" نے اپنی دینی وطنی سیاسی روایات اور سرگرمیوں کی بنا پر جو کم و بیش [illegible] سے جاری ہیں۔ دنیائے صحافت میں ایک عالمگیر حیثیت اختیار کر لی ہے۔ اور بعض [illegible] اس کی روش سے ملتِ بیضائے اسلامیہ کے [illegible] ایک طبقہ کو اس سے خواہ کتنا ہی اختلاف کیوں نہ ہو لیکن اس حقیقت پر سب کا اتفاق ہے کہ [illegible] ترجمان کی حیثیت سے وہ اپنی نظیر آپ ہے۔ اسلام کو بیرونی اور اندرونی فتنوں سے بچانے میں اس نے جو عاشقانہ خدمات انجام دی ہیں۔ [illegible] ماضی میں مولانا ظفر علی خاں کے نقاد کو جو "زمیندار" کی روایات [illegible] تبلیغ، خطبوں اور غزلوں کی شکل میں [illegible] سے دوچار ہونا پڑا ہے۔ ادب اور اردو شعر و سخن [illegible] جو احسان کئے۔ دشمنانِ اسلام کے ان تھک پراپیگنڈے کا مقابلہ [illegible] و استقلال کے ساتھ کرتے ہوئے مسلمانوں کی عزت بچا سکے۔ یہ ساری [illegible] ایسی نہیں ہیں جنہیں مسلمان بھول سکیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب آج سے ایک ماہ قبل مولانا ظفر علی خاں نے اُن بے پناہ مالی مشکلات کی بنا پر جو "زمیندار" کے بست و پنج سالہ عوارض کا نتیجہ تھیں "زمیندار" کے دوامی التوا کا اعلان کیا۔ تو ہندوستان کی اسلامی دنیا نے اس بندش کو ایک قومی مصیبت سمجھا اور ہر طرف سے یہ آوازیں بلند ہونے لگیں کہ اگر یہ بندش خدا نخواستہ دائمی ثابت ہوئی تو سمجھ لینا چاہیے کہ گویا مسلمانوں کی اسلامی آواز ہی ہمیشہ کے لیے خاموش ہو گئی۔ اس لئے ملتِ بیضا کے ادنیٰ خادم اور اس کے مفاد کی نگہداشت کے ذمہ دار ہونے کی حیثیت سے ہم اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ ہندوستان کے تمام مسلمانوں سے پرزور اپیل کریں کہ "زمیندار" کو اس کی تمام مالی مشکلات سے نجات دلا کر آئندہ کے لیے اس کی مستقل اور پائیدار زندگی کا انتظام کریں۔ مولانا ظفر علی خاں پر جنہوں نے "زمیندار" کا تمام انتظام اب براہِ راست اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے ہمیں پورا اعتماد ہے۔ اور اسی لئے ہماری تجویز ہے کہ "زمیندار" کی روایات جن مسلمانوں کو عزیز ہیں اور جو اس کی زندگی کو اسلامیانِ ہند کی زندگی کا ایک جزو سمجھتے ہیں۔ اس کی امداد کے سلسلے میں جس قدر رقم کی گنجائش نکال سکیں سنٹرل بنک آف انڈیا لاہور

میں مولانا ظفر علی خاں کے نام پر جمع کرا دیں اس سلسلے میں جو رقوم موصول ہوں گی ان کا اعلان "زمیندار" میں وقتاً فوقتاً ہوتا رہے گا۔

نیاز مندان

(مولانا ابوالکلام آزاد (کلکتہ) ڈاکٹر مختار احمد انصاری (دہلی) ڈاکٹر [illegible] مولانا مفتی کفایت اللہ (دہلی) مولانا احمد سعید (دہلی) علامہ سید حسین احمد مدنی (دیوبند) ڈاکٹر سیف الدین کچلو (امرتسر) مولانا احمد علی ناظم خلیفہ غلام الدین (لاہور) مولانا محمد سجاد امارت شرعیہ بہار، مولانا محمد اسحٰق السہروی [illegible] سید گشتی شاہ [illegible] مولانا شبیر احمد عثمانی (ڈابھیل سورت) شیخ صادق حسن ایم۔ایل۔اے (امرتسر) مولانا محمد حسن جامع خیرالدین امرتسر۔ مولانا عبدالحنان [illegible] مولانا ابوالوفا ثناء اللہ (امرتسر) مولانا داؤد غزنوی امرتسر مولانا عبدالکریم مدیر مجاہد امرتسر۔

لاہور مولانا [illegible] عزیز خطیب جامع اعظم بھاٹی، مولانا محمد صادق خطیب مسجد چوبُرجی [illegible] مولانا غلام مرشد خطیب شاہی مسجد، چوہدری افضل حق ایم ایل سی [illegible] مولانا محمد علی جعفری نواب پیلیس ملک برکت علی ایڈووکیٹ [illegible] سراج الدین [illegible] ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین بیرسٹر ایٹ لاء ڈاکٹر [illegible] سید محسن شاہ [illegible] انجمن اسلامیہ مولوی غلام محی الدین قصوری سکرٹری [illegible] خلافت اسلامیہ پنجاب، فیروز الدین احمد سکرٹری مجلس خلافت، شیخ [illegible] یونٹ لیگ، میاں ضیاء الدین ایڈیٹر [illegible] مولوی غلام [illegible] مدیر [illegible] اسلام، شیخ عبدالمالک [illegible] مولانا ابوالانوار حفیظ جالندھری حاجی اللہ بخش حسین بخش [illegible] بازار [illegible] شیخ عنایت اللہ جنرل مرچنٹ [illegible] بازار، شیخ عنایت اللہ [illegible] چوہدری [illegible] شیخ محمد میونسپل کمشنر، شیخ جان محمد میونسپل کمشنر، چوہدری [illegible] محمد میونسپل کمشنر، حاجی محمد یعقوب [illegible] ہاؤس، شیخ محمد نواز سوداگر چرم، مولانا [illegible] مدیر خاور، مسٹر ایم اے خان [illegible] ملک سراج الدین اینڈ سنز تاجران کتب، مولوی محمد احسان [illegible] پریس، [illegible] محمد [illegible] احسان [illegible] شیخ عبدالخالق عرفانی)

جالندھر مولانا عبدالحق عباس، مولوی فضل کریم چشتی پلیڈر، پیرزادہ عبدالمجید پلیڈر، مولوی عبدالغنی میونسپل کمشنر، میاں عبداللطیف تاجر چرم)

لدھیانہ (مفتی محمد نعیم، خواجہ محمد یوسف ایم۔ایس سی صدر لیگ، خواجہ محمد اعظم میونسپل کمشنر، خواجہ محمد اسلم [illegible] شیخ ولی محمد داج [illegible] مرچنٹ، خواجہ محمد خلیل سوداگر شال)

علمائے بلوچستان سے دو باتیں

(از مولوی غلام حیدر کاکڑ)

آج میں اپنے جذبات سے مجبور ہو کر اپنے عزیز بلوچستانی بھائیوں سے اپنے اس دردِ دل کا اظہار کرتا ہوں جو مدتوں سے میرے دل میں موجزن ہے۔ وہ یہ ہے کہ حضرت صلعم کی بعثت سے قبل جب اللہ تعالیٰ کے بندے اپنی حقیقی راہ بھٹک جاتے تھے تو انکی رہنمائی کے لئے اللہ تعالیٰ کوئی نہ کوئی پیغمبر بھیجا کرتا۔ یہ سلسلہ حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ بابرکت تک جاری رہا اور انکے بعد یہ خدمت علمائے کرام کے سپرد ہوئی اور انہوں نے بھی اس خدمت کو بخوبی انجام دیا۔ مگر آج میں دیکھ رہا ہوں کہ بلوچستان کے علماء باستثنائے چند تمام اپنے اس فرض سے بے اعتنائی برت رہے ہیں۔ انہیں یہ بھی احساس نہیں کہ جاہل بلوچستان کے ظلمت کدہ میں کس قدر رسموں کے ذریعے شرع کی توہین کی جاتی ہے۔ اور کن رسم و رواج کے بے بنیاد قوانین نے شرع اسلامی پر غلبہ پا رکھا ہے۔ علم و عمل دونوں کے عالم بنو اور انکے انسداد کے لئے کوشش کرو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (العلماء ورثۃ الانبیاء) یہ وہ ورثہ جو انبیاء سے ملا ہے تم بھی [illegible] کوشش کرو اور اپنے آپ کو اس کے اہل بناؤ۔ قرآن و حدیث شریف کے مسائل سے لوگوں کو واقف کرو اور خود بھی ان پر عمل کرو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے [illegible] اپنے علم پر عمل نہ کیا اور حق بات نہ کہی اللہ تعالیٰ اسکو آگ کی [illegible] فرمایا ہے کہ مجھے تم پر دجال کا اتنا خوف [illegible] جتنا [illegible] دجال کا پوچھا گیا وہ کون ہے فرمایا گمراہ کرنے والے امام [illegible] علاوہ اور احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عالم یا تو سعادت ابدی حاصل کرتا ہے یا دائمی ہلاکت کا شکار رہتا ہے۔ پس افسوس ہے اگر [illegible] تحصیل [illegible] اور نجاتِ اخروی حاصل نہ کی۔ اے بلوچستان کے عزیز علماء اٹھو اور اپنے علم و عمل کا زیور پہن کر دوڑو تاکہ اس [illegible] ہلاکت سے بچا دو۔

Yousaf Aziz Magsi Chair

بلوچستان کی تازہ خبریں

بگٹی مہاجرین پر نواب بگٹی کا خونی حملہ

جیکب آباد ۔ مسمی ۔۔۔ بگٹی نواب بگٹی کے بے پناہ مظالم سے تنگ آکر اپنے رشتہ داروں کے ۔۔۔ کے ۔۔۔ خان بہادر ۔۔۔ کے گوٹھ ۔۔۔ نواب بگٹی کے ۔۔۔ زاد بھائی جمال خان نے ایک ۔۔۔ ساتھ ان کا تعاقب کر کے ان پر خونی حملہ کیا ۔ جس میں ۔۔۔ کے لوگوں نے بچا لیں ۔ اب اس نے ان بگٹی مہاجروں کے خلاف جھوٹا مقدمہ دائر کر دیا ہے ۔

کاہنک میں پن چکی

مستونگ حال ہی میں نواب صاحب رئیسانی نے اپنے گاؤں میں ایک پن چکی نصب کی ہے ۔ جسے وہاں کے لوگ اپنے لیے ایک نعمت سمجھ رہے ہیں ۔ ہمیں امید ہے کہ اس پن چکی کی آمدنی سے نواب صاحب وہاں کی جاہل آبادی کو زیور علم سے آراستہ کرنے کے لیے ایک اسکول کھولنے کا بھی انتظام کریں گے ۔

(نامہ نگار)

مسٹر روزی خان زرکوں کی حق تلفی

مسٹر روزی خان زرکوں ساکن کوہلو کو دو سال سے کالج جانے کے لیے وظیفہ نہیں دیا جا رہا ۔ حالانکہ وہ بے شمار درخواستیں دے چکا ہے ۔ مگر سپرنٹنڈنٹ محکمہ تعلیم ہر حال سفارشیوں کو وظیفے دے دیتے ہیں ۔

(نامہ نگار)

ریلوے پاس کا ناجائز استعمال

سبی ۔ ہمیں اطلاع موصول ہوئی ہے کہ خان صاحب سردار ۔۔۔ خان بارک زئی ریلوے پاس کو عجیب ڈھنگوں سے ناجائز طور پر استعمال کرتے ہیں ۔ گو عام لوگ اسے معمولی چیز سمجھیں لیکن یہ ایمانداری اور امانت داری کے خلاف ہے ۔ جو ایک مشہور و معروف امین رسول کی امت کے لیے از بس شرمناک ہے ۔

(نامہ نگار)

"بلوچستان جدید" کا میلاد نمبر

(۱) "بلوچستان جدید" کا میلاد نمبر ۲۵ رجون ۱۹۳۲ء کو کمال آب و تاب کے ساتھ شائع ہوگا ۔ جس میں بلند پایہ ۔ مذہبی ۔ وطنی ۔ قومی ۔ اخلاقی اور سیاسی نظم و نثر کے علاوہ بلوچستان کے مایۂ ناز سیاسی رہنماؤں کی تصاویر کا شاندار بلاک ہوگا ۔

(۲) بلوچستان کے شاعروں ۔ ادیبوں اور اہل قلم حضرات سے گزارش ہے کہ وہ اپنی نظمیں اور مضامین بہت جلد بھیج کر مشکور فرماویں ۔

بلوچستان جدید کے میلاد نمبر کی قیمت دو آنے ہوگی ۔

مگر موجودہ اور ۔۔۔ خریدار بننے والے حضرات کی خدمت میں مفت بھیجا جائیگا ۔

مینیجر

بلوچستان کے سیاسی قیدیوں کو کتابیں پڑھنے کی اجازت

کوئٹہ ۔ بلوچستان کے قائد اعظم خان عبدالصمد خان اچکزئی اور ۔۔۔ میر عبدالعزیز خان کرد کو سیاسی کتب کے علاوہ ہر قسم کی کتابیں پڑھنے کی اجازت دی گئی ہے ۔ اور ان سے سلوک بھی مقابلۃً بہتر کیا جا رہا ہے ۔

(نامہ نگار)

سپیشل ٹیکس کا نیا حربہ

کوئٹہ ۔ غیر ملکی ارباب اقتدار نے اپنی غرض مندیوں کے پیش نظر سپیشل ٹیکس کی ایک نئی چال نکالی ہے ۔ جس کی رو سے وہ اپنے آدمیوں کو خالی ۔۔۔ اور ۔۔۔ مقدار ٹیکسوں کو محروم کر رہے ہیں ۔ (نامہ نگار)

علاقہ مری کے انتظام کیلئے حکومت کی طرف سے نائب

سبی ۔ علاقہ مری کے انتظام چلانے کے لیے حکومت نے مسٹر عبدالواحد خان بلوچستانی کو نائب مقرر کیا ہے جو عنقریب علاقہ مری کے صدر مقام کاہاں میں پہنچ کر اپنے فرائض کا کام دینا شروع کریگا ۔ یہاں سننے میں آیا ہے کہ علاقہ مری میں اسکے متعلق چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں ۔ اور عام مری حکومت کی اس نئی نیابت کو پسندیدہ نظروں سے نہیں دیکھ رہے ہیں

(نامہ نگار)

محمد قریشی اور اسکے بھائیوں کو تین تین ماہ قید بامشقت

سبی ۔ آج ملا در محمد قریشی کا مقدمہ ۔۔۔ جرگہ سبی کے روبرو پیش ہوا ۔ جسکو مع بھائیوں کے تین تین ماہ قید بامشقت اور دس دس روپے فی کس جرمانہ کی سزا ملی ۔ جو از روئے انصاف بعید ہے ۔ بیچاروں کے گھر میں کوئی آدمی نہیں ۔ اور معاملات برباد ہو رہے ہیں ۔

(نامہ نگار)

سردار محبوب علی خان نواب محمد یوسف علی خان کے واپس آنے تک قائم مقام رہیگا

کوئٹہ ۔ نواب محمد یوسف علی خان مگسی ۔۔۔ سرداری سے معزول کیے جانے کے سلسلے میں یقینی طور پر معلوم ہوا ہے کہ ۔۔۔ سردار محبوب علی خان نواب صاحب کے واپس آنے تک ۔۔۔ کے طور پر علاقہ کا انتظام کرتے رہینگے ۔ اگر نواب صاحب ۔۔۔

اللہ اکبر

(130)

بلوچستان جدید زندہ باد

بلوچستان پائندہ باد

عبدالصمد کی ذات پوری نوجوانوں اجلاس کی

[illegible] بیسویں کو [illegible] منعقد

بلوچستان کے شاندار دورِ بیداری پر اللہ کا سایہ

وطن عزیز کے عزیز فرزندو! تم پر اور تمہارے وطن پر خدا پاک کی رحمتیں نازل ہوں

السّلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ آپ جانتے ہیں۔

کہ آج اس بیسویں صدی میں کسی قوم اور کسی ملک کو بیدار کرنے۔ ذلت کے تباہ کن گڑھے سے نکالنے ان کو گمراہیوں سے بچانے۔ بدفعلیوں۔ بداعمالیوں سے آگاہ کرنے اور ان کو راہ ہدایت بتانے کا واحد ذریعہ اخبار ہے۔ جس سے ہمارا ملک محروم ہے یہی وہ ایک خواہش تھی۔ جس نے ہمیں خوشی سے جلاوطن ہونے پر مجبور کیا۔ اور ملک میں اجرائے اخبار کی تمام راہیں مسدود پا کر بلوچستان والوں کی جائز تکالیف حکومت کے کانوں تک پہنچانے کے لئے ہم نے کراچی سے "بلوچستان جدید" جاری کیا۔ ہمارا خیال تھا کہ اخبار جاری ہوتے ہی ہاتھوں ہاتھ اٹھالیا جائیگا۔ اس لئے ہم نے ابتدائی کارمیں اخبار کی مدد کے لئے وطن والوں سے کسی قسم کی درخواست نہ کی۔ حالانکہ ہم جانتے تھے کہ ہندوستان کے بڑے بڑے ادارے کام شروع کرنے سے پہلے ممکن طریق سے سرمایہ جمع کرنیکی کوشش کرتے ہیں۔

مگر اس تلخ حقیقت کو آج پہلی دفعہ مجبور ہو کر ظاہر کرتے ہیں۔ کہ وطن والوں نے ہماری تمام امیدیں خاک میں ملادی ہیں۔ اخبار کو جاری [illegible] تین ماہ گذرنے کے باوجود بھی اسکے لئے کافی خریدار نہیں پیدا ہوسکے۔

حالانکہ ہمارے بلوچستان کے لئے ایک چار روپے سالانہ چندے کے اخبار کا چلانا کوئی بڑی بات نہیں جبکہ ہندوستان کے دوسرے [illegible] اخبارات چل رہے ہیں۔ یہاں تک کہ جنگلی اور چوہڑے بھی اپنے اخباروں کو مرنے نہیں دیتے۔ عام لوگوں کو چھوڑ کر اگر صرف ہمارے [illegible] اخبار کی اشاعت کے لئے کوشش کرتے۔ تو اس وقت تک خریداروں کی تعداد ہزاروں تک پہنچی ہوتی۔ اور اگر بلوچستان کے [illegible] لاکھ انسانوں میں ہی چند ہزار بھی اپنے قومی اخبار کے لئے دوپائی روز بچانے والے نکل آتے۔ تو آج "بلوچستان جدید" اپنے پاؤں پر کھڑا ہو جاتا۔

"بلوچستان جدید" مالی مشکلات کا شکار ہونے والا ہے۔ اور وہ دن دور نہیں جب بلوچستان کی یہ رہی سہی اور آخری آواز بھی ہمیشہ کے لئے خاموش ہو جائے۔ اگر ہم وطن میں ہوتے۔ تو اس کو زندہ رکھنے کے لئے وطن اور قوم کے مقدس ناموں پر گداگر بھیک مانگنے سے بھی دریغ نہ کرتے۔ لیکن یہ کام اب ان کے لئے رہ گیا ہے۔ جو بلوچستان میں رہتے ہیں اور جن کو اپنے عزیز وطن اور پاک مذہب سے محبت ہے۔ اور جو یہ چاہتے ہیں۔ کہ ان کا یہ قومی اخبار بلوچستان کی ترجمانی کرتا رہے۔ ہمارا فرض ان کو اطلاع دینا تھا۔ جسے ہم نے پورا کیا

بر رسولاں بلاغ باشد و بس!

(محمد حسین عنقا) (پیر بخش نسیم تلوی)

Yousaf Aziz Magsi Chair

نوجوان جدید

دیگر ممالک کی تازہ خبریں

کانگرس کا آئندہ اجلاس بمبئی میں ہوگا

پٹنہ ۱۹ مئی :- آج صبح کانگرس کی مجلس عام کے اجلاس میں حسب ذیل قرارداد منظور ہوئی۔

کانگرس کا آئندہ عام اجلاس اکتوبر ۱۹۳۴ء کے پہلے ہفتہ میں بمبئی میں منعقد ہوگا۔

قرارداد مسٹر [illegible] سینیٹر نے پیش کی جس کی تائید مسٹر کے ایف نریمان نے کی۔

سوراج پارٹی کا خاتمہ

آئندہ لائحہ عمل [illegible] کے تقرر کا فیصلہ

پٹنہ ۱۸ مئی۔ آج صبح ۷ بجے سے ۱۲ بجے دوپہر تک کانگرس کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں کونسلوں میں [illegible] مسائل زیر بحث رہے ارکان مجلس کے اختلاف [illegible] سوال [illegible] کانگرس کو سوراجیہ پارٹی پر مقصد اختیار ہو جاتا ہے۔ [illegible] تقریباً چار گھنٹوں کی بحث و تمحیص کے بعد کوئی فیصلہ [illegible]

اس موقعہ پر مہاتما گاندھی کے مشورہ سے ڈاکٹر بی سی رائے۔ مسٹر بلا بھائی ڈیسائی۔ مسٹر ستیہ مورتی۔ مسٹر آصف علی اور مسٹر کے۔ ایم منشی جیسے سوراجیہ پارٹی کے سرگرم کارکنوں کو طلب کیا گیا۔ تاکہ اس مسئلہ کو وہ حل کریں۔ یہ سب حضرات اپنے اپنے کیمپ سے کوٹھی میں پہنچے۔ راجگوپال اچاریہ کو بھی طلب کیا گیا۔ جنہیں کانگرس کا بہترین مفکر خیال کیا جاتا ہے تقریباً ڈیڑھ گھنٹے اور اس بات کے لئے صرف کئے گئے [illegible] ایسا [illegible] مرتب کیا جائے جس سے سب کو اتفاق ہو۔ اور جو سب کے لئے قابل تسلیم ہو۔ آخر ایک قرارداد منظور کی گئی کہ کونسلوں میں داخلہ کے سلسلے میں آئندہ پروگرام کے لئے کانگرس میں ایک علیحدہ سوراجیہ پارٹی بنانے کی چنداں ضرورت نہیں۔ اور مجلس وضع قوانین میں نئے انتخابات کا معاملہ کانگرس کی طرف سے ایک مجلس انتخاب کے ہاتھوں میں ہوگا۔ جیسا کہ آل انڈیا کانگرس کمیٹی مقرر کرے گی۔ اس مجلس کے ارکان منتخب کرنے کے اختیارات ڈاکٹر انصاری اور پنڈت مالویہ کو دینے کی تجویز ہوئی ہے۔ مجلس عاملہ کا اجلاس پھر منعقد ہوگا۔

سوراج پارٹی کا خاتمہ :- پٹنہ ۱۹ مئی کانگرس کی مجلس عاملہ کے فیصلہ کا ماحصل یہ ہے کہ سوراجیہ پارٹی کو بحیثیت ایک علیحدہ جماعت کے ختم کر دیا گیا ہے۔ اور کانگرس نے سارا معاملہ اپنے منتخب کردہ بورڈ کے ذریعہ جس میں بہت سے سوراجیہ پارٹی کے لیڈر شامل ہوں گے۔ اور جسے پورے اختیارات حاصل ہوں گے۔ اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے۔ اب چونکہ ڈیلی کے فیصلہ پر خط تنسیخ کھینچ دیا گیا ہے۔ اس لئے کیبرنل ایوارڈ کے سلسلہ میں کسی قسم کا فیصلہ صادر کرنیکا سوال ہی باقی نہیں رہا۔

کہا جاتا ہے کہ مہاتما گاندھی نے یہ دیکھ کر کہ اکثریت سوراجیہ پارٹی کے حق میں نہیں سوراجیہ پارٹی کے لیڈر کو اس فیصلہ پر لبیک کہنے کا مشورہ دیا جسے انہوں نے منظور کر لیا۔ بورڈ جو ۲۵ ممبروں پر مشتمل ہوگا عنقریب مرتب کیا جائے گا۔

اس فیصلے کے بعد سوراجیہ پارٹی کے لیڈروں کے کیمپ میں جا کر معلوم ہوا کہ وہ اس فیصلہ پر خوش ہیں۔ ایک نے کہا۔ بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ہم خوش نہ ہوں کانگرس نے ہماری حکمت عملی کو منظور کر لیا ہے اور ہماری ذمہ داری کو اپنے دوش پر لے لیا ہے جس سے بہتر نتائج اور کامیابی کی امید ہے ہماری بھی خواہش تھی۔ کہ کیا تو سوراجیہ پارٹی کو سارا کام اپنے ہاتھ میں لے لینا چاہئے۔ اور اس پر کسی اور جماعت کو کوئی اختیار نہ ہونا چاہئے اور یا کانگرس سارا معاملہ اپنے ہاتھ میں لے لے۔ اب جبکہ کانگرس نے ایک مستقل کمیٹی مرتب کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ہم اس کے اس فیصلہ کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ کیونکہ کمیٹی سوراجیہ پارٹی کی مجوزہ انگزیکیٹو کونسل کی بجائے [illegible]

کانگرس کی مجلس انتخاب

نئی دہلی ۲۰ مئی۔ کانگرس کے پارلیمنٹری بورڈ کی تشکیل حسب ذیل ہے صدر ڈاکٹر ایم۔ اے انصاری۔ [illegible] (۱) ڈاکٹر بی سی رائے (۲) مسٹر بلا بھائی ڈیسائی۔ [illegible] مسٹر [illegible] سیکرٹریان مسٹر [illegible] (۱) مسٹر آصف علی (۲) [illegible] مسٹر [illegible] ستیہ مورتی ممبران معاون (۱) مسٹر کے ایم منشی (۲) مسٹر [illegible] (۳) ڈاکٹر ایم اے انصاری (صدر) کی عدم موجودگی میں پنڈت مدن موہن مالویہ صدر کے فرائض سرانجام دیں گے۔ مجلس انتخاب کے ارکان کا فیصلہ کلکتہ میں ہوگا۔

نیلی پوش تحریک

مولانا ظفر علی خان نے پچھلے دنوں جالندھر میں نیلی پوش تحریک کے نام سے ایک تحریک کا سنگ بنیاد رکھا تھا۔ اسے نہایت بیش قدر حوصلہ افزا کامیابی حاصل ہو رہی ہے۔ جالندھر کیمپ نقد۔ اور سلطان پور میں [illegible]

افغانستان میں ایک شاندار نمائش منعقد کی جائیگی

صناعوں اور تاجروں کے ساتھ خاص رعایت

کابل ۲۰ اپریل۔ افغانستان کی تجارتی ترقی سے متاثر حکومت افغانستان نے ایک تجارتی نمائش کا اہتمام کیا ہے۔ جو ماہ اگست میں منعقد کی جائے گی افغانستان کی اس اولین نمائش کا اہتمام افغان نیشنل بنک کے سپرد کیا گیا ہے۔ جس کا خلاصہ درج ذیل ہے:۔

(۱) افغانی نمائش کے لئے جو سامان کابل پہنچایا جائیگا اس کا کرایہ پشاور سے کابل تک بنک ادا کرے گا۔ اور اگر نمائش کا بچا ہوا سامان کابل سے واپس پشاور لایا گیا تو اس کا کرایہ بھی بنک ادا کرے گا۔

(۲) بنک نے اس بات کا عہد کیا ہے کہ افغانی علاقہ میں وہ اس سامان کی چوری اور نقصان کے لئے ذمہ دار ہوگا۔ لیکن عام نقصان کے خلاف کوئی گارنٹی نہیں دی گئی۔

(۳) اگر سامان نمائش میں سے پچاس فیصدی فروخت ہو گیا تو اس پر محصول نہیں لیا جائے گا۔ [illegible] یہ رعایت ایک سو فیصدی تک ہو جائے گی۔ جو سامان اس مقدار سے زائد فروخت کیا جائے گا اس پر افغانی محصول وصول کیا جائے گا۔ جو سامان فروخت نہ ہو سکے گا وہ بغیر محصول واپس کر دیا جائے گا۔

(۴) نمائش کے متعلق جو وکلاء کے لئے کرایہ وصول نہیں کیا جائیگا۔

(۵) تاجران اور دیگر اشخاص بھی امداد کے لئے ہم پہنچائے جائیں گے۔ اسکے علاوہ بنک ان لوگوں کے ساتھ بھی خط و کتابت کے لئے تیار ہے جو سامان اور تاجروں کے سامان کی فروخت کو ترقی دینے کے مشتاق ہوں۔

[illegible] شرکت کے [illegible] اس [illegible] پہنچ جانا چاہئیے۔ درخواست کے ہمراہ نمائش کنندہ [illegible] سامان کی مقدار [illegible] نوعیت ضرور بیان کی جائے۔

افغانستان [illegible] تمام ممالک کے [illegible] تاجروں سے شرکت کی درخواست [illegible] ہے جن کی صنعتیں افغانی [illegible] کے [illegible] مشورہ کے [illegible] ذیل اشیاء کو ضرور [illegible] کپڑا اجزاری [illegible] کھلونے کا سامان [illegible] ہوئے کا سامان [illegible] اشیاء [illegible]

مجوزہ درجوق اس تحریک میں شامل ہو رہے ہیں اور پنجاب کے دوسرے شہروں میں بھی آہستہ آہستہ یہ تحریک پھیلتی جارہی ہے۔

Yousaf Aziz Magsi Chair

بقایا صفحہ ۳

نہیں دیا جاتا۔ دوسرے صاف لفظوں میں یوں سمجھو کہ عوام کو اجازت نہیں دی جاتی کہ وہ تحقیق کریں کہ کون حکومت کرتا ہے کس طرح سے کرتا ہے اس کا طرز حکومت اچھا ہے یا برا ہے، وہ ہمارے لئے مفید ہے یا غیر مفید ہے۔ حکومت کرنے والے اچھے آدمی ہیں یا برے آدمی ہیں انکو عقل ہے یا بیوقوف ہیں۔ انکو ہماری خواہشات اور ہمارے آرام کا خیال ہے یا نہیں ہے۔

وہ حق انصاف کرتے ہیں یا اپنی جیبیں بھرتے جاتے ہیں وہ رحمدل ہیں یا ظالم ہیں وہ ہمارے دکھوں کو دور کرتے ہیں یا ہمارے دکھوں میں اضافہ کرتے ہیں انکے اخلاق کیا ہیں؟ وہ حکومت کرنے کے قابل ہیں یا نہیں [illegible] ہم کو ان امور کے سوالات پر سوچنے نہیں دیا جاتا بلکہ [illegible] ہم سردار ہیں تم رعیت ہو تم غلام ہو [illegible] جو چاہے [illegible] سلوک تم لوگوں سے کریں [illegible] تم [illegible] نہیں کر سکتے ہم بنگلوں میں رہیں گے تم کو [illegible] ہم موٹروں پر پھریں گے تم کو [illegible] نہیں ملے گی تم کو [illegible] نصیب ہو [illegible] ہمارے بنگلوں [illegible] تمہیں ڈاکٹر [illegible] ہمارا [illegible] ہمیں کوئی واسطہ نہیں کوئی غم نہیں کوئی فکر نہیں۔ [illegible] ہماری حکومت کے عاملوں اور سرداروں کا حال۔ ہمارے مقدمات ایسے پیش ہوتے ہیں جیسے [illegible] جہاں کوئی قانون نہیں ہے کوئی شریعت نہیں ہے۔ [illegible] کرانے والا نہیں۔ [illegible] دیہات کا [illegible] اسقدر تنگ ہیں کہ ہم نے عام لوگوں سے [illegible] نام [illegible] جیسے [illegible] مہذب تعلیم حاصل ہیں لیکن جب ہمارے معزز سرداروں نے اسقدر تہذیب سے [illegible] ہے کہ پبلک بھی اپنی تہذیب [illegible] طاق رکھنے پر مجبور ہوگئی ہے [illegible] ہم بھی [illegible] دنیا کے [illegible] ہوئے تہذیب سے کنارہ کش ہوتے ہیں اردو کا بلوچی زبان کے [illegible] الفاظ میں [illegible] ہے۔ جیسے [illegible] تمہارے سامنے [illegible] ہاتھوں ہاتھ لیکر زمین پر [illegible] اور [illegible] خواہشات پوری کرو۔ اس فقرے کے بعد کوئی حاجت باقی نہیں رہتی کہ پھر کچھ لکھا جائے۔

تعلیمی حالت ہماری یہ ہے کہ دس لاکھ کی آبادی میں کل دو یا تین آدمی ہیں چنانچہ ہماری ان پڑھی سے دوسرے صوبوں کے لوگ فائدہ اٹھا کر ہمارے صوبہ میں آگئے ہیں اور تمام سرکاری و غیر سرکاری ملازمتوں پر قابض ہیں ہم اپنے ملک کے اسقدر پیشوں سے نہ صرف محروم ہوئے ہیں بلکہ حکومت کے محکموں میں کم درجہ کی ملازمتوں کا دخل ہوتا ہے اس سے بھی بہرہ ور نہیں۔

لیکن جب ہم اس دیانتدارانہ حکومت عملی پر نظر کرتے ہیں۔ جو اس وقت بدنصیب بلوچستان میں موجود ہے۔ تو ہماری حیرت کی کوئی انتہا نہیں رہتی۔ ہماری سمجھ میں مطلق نہیں آتا کہ آخر یہاں کے باشندوں کو کیوں [illegible] سرداروں کے رحم پر چھوڑا جاتا ہے؟ نہ وہاں لوکل بورڈ ہیں۔ نہ میونسپلٹیاں اور تو اور وہاں پر امن طریق پر جائز حقوق مانگنا بھی جرم ہے۔

جس صورت میں بلوچستان کی اصلاحات کا تمام ملک متفقہ طور پر مطالبہ کر چکا ہے۔ تو پھر آخر کیوں اس بدنصیب ملک کو اس سے محروم کیا ہوا ہے۔ وہاں کے رہنے والے بھی تو انسان ہیں۔ آخر انہوں نے وہ کون سا گناہ کیا ہے جو ان بیچاروں کو ہندوستان کے دوسرے صوبے کی سی اصلاحات بھی نہ دی جائیں۔

آج انگریزوں کی حکومت دنیا کے ایک بہت بڑے حصے پر پھیلی ہوئی ہے۔ اور ان کو ہندوستان پر بھی حکومت کرتے ہوئے مدت ہو چکی ہے۔ لہٰذا اب [illegible] سرحد جیسے خوفناک صوبے کو اصلاحات دے دیں۔ تو بدنصیب بلوچستان نے کیا گناہ کیا ہے؟ کیا حکومت وقت کا یہ فرض نہیں۔ کہ وہ بلوچستان کو بھی اس قابل بننے دے۔ تاکہ وہ بھی اصلاحات سے پورا پورا فائدہ اٹھا سکیں۔

لیکن وہاں اصلاحات تو درکنار ایک طرف ان کا مانگنا بھی ناجائز ہے۔ کیونکہ آپ دیکھ رہے ہیں۔ کہ رفقائے محترم میر عبدالعزیز خان کرد۔ اور خان عبدالصمد خان اچکزئی اسی جرم کی پاداش میں جیل کی سختیاں جھیل رہے ہیں۔

ہم حکومت برطانیہ کے خیرخواہ ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ راعی و رعایا کے باہمی تعلقات اچھی طرح رہیں۔ اس لئے اب وقت آ گیا ہے کہ بلوچستان میں رہنے والوں کے جذبات کا لحاظ کرتے ہوئے اس صوبے کو بھی جلد از جلد اصلاحات دی جائیں۔ ہمیں پوری امید ہے کہ اصلاحات دیئے جانے کے بعد وہاں کے باشندوں پر حکومت برطانیہ کا اور زیادہ اچھا اثر پڑیگا۔ یہ ایک دوستانہ مشورہ ہے۔ جو ہم حکومت کے بہی خواہ کو دے سکتے ہیں۔

ہم نیک و بد حضور کو سمجھائے دیتے ہیں

(اخبار رہنما بلوچ نواب شاہ سندھ)

پیرس ڈرگس سٹور

کمالا پلز — دنیا کا عجوبہ دور حاضرہ کے عین مطابق زندگی کی مسرت کی حقیقی ایک گولی کا استعمال قوت حافظہ کے لئے اعجاز کا حکم رکھتا ہے ایک دفعہ کا تجربہ آپ کو مطمئن کر دیگا۔ قیمت فی شیشی تین روپے۔

رتن پلز — [illegible] قیمت فی شیشی تین روپے علاوہ محصول ڈاک۔

ایرو پلز — تمام پوشیدہ امراض کا تیر بہدف علاج [illegible] ضعف دماغ [illegible]

نوٹ: [illegible] جھوٹا ثابت کرنے والے کو پانچ ہزار روپے [illegible]

پیرس ڈرگس سٹور پوسٹ بکس 128 لاہور

بالکل نیا — بہترین فلم — کراچی میں پہلی مرتبہ

نیو تھیٹرس لمیٹڈ کلکتہ کی محنتوں، کوششوں اور کامیابی کا اعلیٰ ترین نمونہ ہے

اوقات: ... جمعہ، سنیچر، اتوار [illegible] ... روزانہ کھیل

چنڈی داس

اردو زبان میں

نیو تھیٹرس نے اس فلم کو ناظرین کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے [illegible] اردو زبان میں تیار کیا ہے [illegible] سہگل۔ ادا۔ نواب۔ پہاڑی [illegible] صدیقی۔ انصاری [illegible] کی نمائش۔

جمعہ تاریخ ۸ جون سے امپیریل سینما بندر روڈ کراچی

نوٹ: اس فلم کے ساتھ نیو تھیٹرس کلکتہ کے [illegible] ہندوستان میں [illegible] کراچی میں پہلی مرتبہ [illegible]

چاندنی کی رات دکھایا جائیگا [illegible]

Yousaf Aziz Magsi Chair

بلوچستان کی تازہ خبریں

ضلع لورالائی کے فصلات کی دانہ بندی

لورالائی - اس ضلع کی فصلات گندم پک کر تیار ہو گئی ہیں - افسران [illegible] دانہ بندی کر رہے ہیں - امید ہے کہ دانہ بندی کا خاتمہ ہوتے ہی [illegible] جا سکیگی -

(نامہ نگار)

مصنف کے [illegible] ایک ملکی چپڑاسی عذاب میں

سبی - حال ہی میں ایک ملکی مسلمان چپڑاسی [illegible] میں [illegible] مصنف صاحب [illegible] اپنی ذاتی خدمت [illegible] [illegible]

سنٹرل جیل مچھ کے حکام کی [illegible]

مچھ - مچھ سنٹرل جیل [illegible] تعلق ہے - [illegible] خان عبدالصمد خان اچکزئی اور [illegible] عبدالعزیز خان کرد کے ساتھ اچھا سلوک کر رہے ہیں - ان کو کتابیں مطالعہ کیلئے دیتے ہیں [illegible] اور خوراک بھی [illegible] دیتے ہیں -

(نامہ نگار)

موضع مجگ کے بچے بازوں کا انجام

سبی - موضع مجگ کے بچے بازوں نے ایک نوجوان کو عرصہ ہوا [illegible] قتل کر دیا تھا - خان بہادر [illegible] خان صاحب ای - اے - سی سبی [illegible] کی کوششوں سے سراغ مل گیا ہے - ملزمان جیل میں ہیں - اور مقدمہ جرگہ کے سپرد کیا گیا ہے -

(نامہ نگار)

سردار اجن سنگھ دفتر وزارت قلات کے تھکنڈے

کوئٹہ - سردار اجن سنگھ دفتر وزارت قلات میں [illegible] اور [illegible] آپ کے ذمے ہے - [illegible]

[illegible] ملازمت دینے کے حق میں ہیں - مگر موقعہ پر سردار صاحب [illegible] کے لئے خواہشمند نہیں - ہندو اور سکھوں کو دلوا دیتے ہیں -

(نامہ نگار)

سبی میونسپلٹی کی ملازمت کیلئے ملکی امیدوار

سبی - سبی میونسپلٹی کی تمام ملازمتیں غیر ملکیوں کے قبضے میں ہیں - حال ہی میں چار تعلیم یافتہ ملکی نوجوان نے اپنے حقوق کی محافظت کے لئے درخواست دی ہے - [illegible] جواب نہیں ملا -

(نامہ نگار، پنجگور)

حمید زئی قبیلہ کے آدمیوں نے ماش اور اسکے بھائیوں سے تین ہزار روپے لوٹ لئے

[illegible] - موضع [illegible] ماش اور اسکے بھائیوں کو حمید زئی قبیلہ کے لوگوں نے [illegible] ان کے ہاتھوں پاؤں باندھ دیئے اور تین ہزار روپے لوٹ کر چلے گئے - [illegible] عبدالغفار خان کے گھر میں [illegible] عبدالغفار خان نے اپنے [illegible] بچانے کیلئے [illegible] تحصیلدار [illegible]

[illegible]

[illegible] عبدالغفار خان پر چالان چل رہا ہے -

(نامہ نگار)

سردار گوہر خان تنگ زئی کے خلاف افسوسناک شکایات

[illegible] - سردار گوہر خان تنگ زئی کے خلاف چند مظلوم [illegible] قلات کے پاس [illegible] آئے ہیں جو صد درجہ [illegible] ہیں -

(نامہ نگار)

عزیزی فاروق عزیز مستونگ میں

مستونگ - [illegible] عبدالعزیز خان کے فرزند ارجمند عزیزی فاروق عزیز [illegible] کے لئے تشریف لائے ہوئے ہیں - [illegible] صاحب کے [illegible] عزیز [illegible] رہے ہیں -

(نامہ نگار)

قبول اسلام

مستونگ - جامع مسجد قاضی عبدالکریم میں دو [illegible] عورتیں [illegible] مسلمان ہو گئیں - [illegible] کر کے گذارہ کی صورت پیدا کی گئی -

(نامہ نگار)

نیابت مستونگ کا تسلی بخش کام

مستونگ - وزیر اعظم صاحب قلات نے پچھلے دنوں نیابت مستونگ کا [illegible] کیا اور کام تسلی بخش پاکر خوشنودی کا اظہار کیا -

(نامہ نگار)

قاضی محمد اسمٰعیل سابق نائب سوراب برطرف کیا گیا

قلات - قاضی محمد اسمٰعیل سابق نائب سوراب کو اسکی بدعنوانیوں کی پاداش میں برطرف کیا گیا ہے - [illegible] قلات کے پاس آیا ہوا ہے -

(نامہ نگار)

ڈاک لاری اور ٹانگے کی ٹکر

[illegible] - آج ڈاک لاری کوئٹہ سے آتے ہوئے راستے میں ایک ٹانگے سے ٹکرا گئی - [illegible] شدید زخمی ہوا اور [illegible] فوت ہو گیا -

(نامہ نگار)

ماسٹر محمد اشرف صاحب اشرف کی برطرفی

[illegible] - ماسٹر محمد اشرف صاحب اشرف اول مدرس [illegible] کو برطرف کیا گیا ہے - [illegible] غیر ملکیوں کی سازش کا نتیجہ [illegible]

(نامہ نگار)

ہیڈ ماسٹر مستونگ اور انسپکٹر مدارس قلات کی [illegible]

مستونگ - آج وزیر اعظم صاحب قلات نے [illegible] مدرس [illegible] عبدالعزیز [illegible] انسپکٹر [illegible]

(نامہ نگار)

Yousaf Aziz Magsi Chair

غیر ممالک کی تازہ خبریں

اسلامیہ ہائی سکول کوئٹہ کا شاندار نتیجہ

اسلامیہ ہائی سکول کوئٹہ۔ صوبہ بلوچستان میں مسلمانوں کی واحد درسگاہ ہے۔ پچھلے سال یہ سکول مڈل سے ہائی ہوا۔ اور امسال انٹرنس کے امتحان میں اس سکول کے ۲۰ طلباء میں سے ۱۷ کامیاب ہوئے۔ جبکہ پچھلے سال نتیجہ ... فیصدی رہا۔ اس کامیابی کا سہرا حافظ قطب الدین صاحب ایم۔ اے ... [illegible] ... ہیڈ ماسٹر صاحب سے تعاون کیا ... انشاء اللہ اس سے بھی اچھا نتیجہ دینگا۔ اس کے علاوہ ورزش کے انتظام ... [illegible] ... دیکھنے میں آتے ہیں ... اور صوبہ بھر میں اعلیٰ ... سکول کے طالب علم ... صاحب کے علاوہ مولوی رحمت اللہ صاحب ... [illegible] ... کے متعلق ہیں ... [illegible] (...)

کنگ ایڈورڈ کا مجسمہ توڑ دیا گیا

لاہور۔ یکم جون۔ کنگ ایڈورڈ کا ... [illegible] ... گوجرانوالہ میں ایک کنگ ایڈورڈ کا مجسمہ ... پر رکھا ہوا تھا۔ اچانک گر کر وہ ... معلوم ہوا ... بیان کئے جاتے ہیں کہ ایک شخص اس مجسمہ کو دیکھ رہا تھا ... مجسمہ زمین پر گر کر ٹوٹ گیا۔ اس کی قیمت ... روپیہ بتائی جاتی ہے ... کو گرفتار کر لیا گیا۔ مگر ... کوئی سیاسی ... نہیں ... کو محض اتفاقیہ ٹوٹ گیا۔

شاہ سیام لندن میں

لنڈن ۳ جون۔ سیام کے بادشاہ۔ آج کل یورپ کی سیاحت فرما رہے ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ آپ کے انگلستان میں آنے کا مقصد سیاحت ہے۔ مگر اس کے ساتھ ہی کوئی اور مقصد معلوم ہوتا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ وہ جاپان کے خلاف انگریزوں سے مدد مانگ رہا ہے۔ کیونکہ جاپان سیام پر حملہ کرنے والا ہے۔ ... ان خطرات سے محفوظ رہنے کے لئے شاہ سیام انگریزوں سے امداد کا طالب ہوا ہے۔ مزید کہا گیا ہے کہ وہ اس ... انگریزوں کو ... دینے کے لئے تیار ہے۔

وزیر ہند پر دعوے

امرتسر۔ ۳ جون۔ ... [illegible] ... مقدمہ ... وزیر ہند پر ...

ترجمہ ۲۲ مسٹر عبدالعزیز سیشن جج کی عدالت میں پیش ہوا۔ سرکاری وکیل نے بیان کیا کہ مدعی کو سرکار نے ... مجسٹریٹ لاہور کی عدالت میں پیش کیا تھا ... سرکار نے انکار کر دیا تھا۔ اس پر فاضل جج نے دعوے پر قانونی طور پر ثابت کرنے کے لئے تنقیح پیش کی کہ کیا وزیر ہند پر دعویٰ ہو سکتا ہے۔ قانونی بحث کے لئے ... جون مقرر ہوئی (پ)

۲۱ سال کے اندر اندر گورنمنٹ کو دھوکا دیکر کروڑوں روپے اڑا لئے گئے

پشاور کی ایک تجارتی فرم کی چالاکی افغانستان کو ریشمی مال بھیجنے کا ڈھونگ

پشاور ۲ جون ایک فرم ۱۹۲۲ء سے اب تک باقاعدہ طور پر نہایت چالاکی کے ساتھ گورنمنٹ کو دھوکا دے کر ہزاروں روپے حاصل کر رہا ہے۔ لیکن اب بالکل اتفاقیہ طور پر اس کا بھید کھل گیا ہے۔ اسوقت تک یہ قاعدہ تھا کہ جب کوئی غیر ملکی مال ہندوستان میں داخل ہوتا تھا۔ اسوقت پر محصول وصول کر لیا جاتا تھا۔ اور جب وہ ہندوستان کی حدود سے باہر افغانستان کو جاتا تھا۔ تو وہ محصول واپس کر دیا جاتا ہے۔ یہ فرم جاپان سے ریشمی کپڑے منگواتی تھی۔ کراچی میں اس پر محصول چونگی ادا کرتی تھی۔ اور پھر اپنی سرحد کے ... کے سامنے پیش کرتی تھی۔ اور وہاں سے اس بات کا سرٹیفکیٹ لیکر کہ وہ مال ... سے باہر جا رہا ہے۔ ادا شدہ محصول چونگی واپس لے لیتی تھی۔ لیکن اب کی دفعہ پولیس کو شک ہوا ... نے ان گٹھڑیوں کو جو اس فرم نے سرحدی انگریز افسر کے سامنے پیش کیں ... معلوم ہوا کہ ... ریشمی کپڑے نہیں۔ بلکہ خالص سوتا کپڑا بھرا ہوا ہے۔ مزید تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ گذشتہ ۲۱ سال سے یہ دھوکا کیا جا رہا ہے۔ اور اس اثناء میں گورنمنٹ سے کئی لاکھ روپے ٹھگے جا چکے ہیں۔ ڈاکٹر ... علی انسپکٹر ... پولیس اس کی تحقیقات کر رہے ہیں۔ فرم کے ... ڈائریکٹروں کو ۱۰-۱۰ ہزار روپے کی ضمانت پر رہا کیا گیا ہے۔

ایران اور عراق میں معاہدہ کی گفت و شنید

استنبول۔ عراق اور ایران کے درمیان معاہدہ ... کے متعلق گفتگو ہو رہی ہے۔ عراق اور ایرانی حکومتوں نے سرحدی ... ۹) کر ... خطوط کا کام انجام دیا ہے۔ سرحدی مقام ... تجارتی خطوط کا کام انجام پاتا ہے۔ ... اس سلسلہ کی پہلی کارروائی ہے۔

ترکی اور اٹلی میں کشیدگی

استنبول۔ انقرہ کے سیاسی حلقے ... کو جو انہوں نے

ملک معظم کے جشن دن پر بلوچستان کیلئے خطابات

خان بہادر:- خان صاحب سردار سمندر خان بارو زئی سبی بلوچستان۔

خانصاحب:- خان غلام حیدر خان ای۔ اے۔ سی بلوچستان۔ سردار میر دودا خان مری۔ ملک عیسیٰ خان ضلع کوئٹہ پشین۔ حاجی نور خان۔

بمبئی میں سرمایہ و محنت کی جنگ

مصالحت کی کوششیں

بمبئی ۳ جون۔ ... ہڑتال کے کاروبار میں جو انقباض پیدا ہو گیا ہے۔ اس سے ... کی خوشحالی پر کافی برا اثر پڑا ہے۔ اس سلسلے میں معلوم ہوا ہے کہ مزدوروں اور سرمایہ داروں کا تصفیہ کرا دینے کی دو غیر سرکاری کوششیں جاری ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ... ایوان تجارت ہند کی ایک چھوٹی سب کمیٹی نے ... کمیٹی کے چند نمائندوں سے ملاقات کی اور ان سے مزدوروں اور کارخانہ داروں کے مابین جلد مصالحت ہو جانے کے انتظامات پر بحث و تمحیص کی۔ اگرچہ کوئی نتیجہ نہیں ہوا۔ لیکن کہا جاتا ہے کہ مباحثہ میں جانبین فراخدلی کا اظہار کیا گیا۔ اور کمیٹی کو اس بات کا یقین ہو گیا ہے کہ مزدور لیڈروں نے نقطہ نظر پیش کیا ہے وہ نہایت معقول تھا۔ مزید مباحثہ غالباً جاری رہیگا۔ اسی دوران میں ایوان تجارت کی سب کمیٹی ... کے نمائندوں سے ... ملاقات کر کے گفتگو کرے گی تاکہ جلد تصفیہ ہو سکے۔ اور موجودہ صورت حال کا خاتمہ ہو جائے۔

دوسری ... ہے کہ بمبئی کارپوریشن کے شیرف شہر کے بڑے بڑے تاجروں ... تصفیہ ... کوشش کریں گے۔

آج ... کمیٹی ... کی جو میٹنگ ہوئی جس میں ختم ہوا ... کمیٹی پہلے ... قرار ... کے مزدور لیڈروں کو ... کمیٹی میں ... ہو سکا ... اس قرار داد ... کرنے کے طور پر سخت اختلاف ہوا۔ اور کوئی ... نہ ہو سکا۔ ... والوں کی نسبت بیان کیا جاتا ہے کہ وہ ... میں شریک کرنے کے متعلق ... تک ... موجودہ ...

مقامی فلمکدہ

موتی محل ٹاکیز

امین ۳۱ ء

گذشتہ سے ایک ڈرامہ "گن مسینڈ سریجی" چل رہا ہے دس دن متواتر اس ڈرامہ کو چلتے دیکھکر ہم نے بھی گذشتہ رات جاکر اسے دیکھا - ڈرامہ کی ابتدا [illegible] خوبصورتی سے کیگئی انگریزی فلموں کی مانند تمام کام کرنے والے [illegible] کی ایک ایک کرکے تصویریں دکھائی گئیں ڈرامہ [illegible] کرتی اور خراب ہوکر کوڑی کوڑی کو محتاج ہو [illegible] اور بیوی کی انتہائی پرہیزگاری اور وفاداری دکھانا پبلک کیلئے بہت کوئی اخلاقی تعلیم [illegible] ہے - لیکن افسوس اتنا چھوٹا کھیل کیکر ڈائریکٹر صاحب نے [illegible] ڈرامہ میں پبلک کے لئے دلچسپی و حظ و لطف [illegible] کیلئے مکمل کیا گیا پبلک کی ضیافت طبع کیلئے ایک قابل جامع [illegible] ایک ترنم موسیقی کی کمی ایک دل ویز گانا نہیں تھا - [illegible] سنگیت ڈگومر بجانے میں بھی کوئی نکلا [illegible] کر دکھایا ہے - بیوی بہت پڑھ کر یہ لطفی یہ کہ ڈرامہ میں بھی ریتی تکلیف بھری شروع سے لیکر اخیر تک کہیں بھی چند دلآویز اور دل گداز ہے والی دلچسپی نہ دو رکنار ایک بڑے نام کی [illegible] ہے حالانکہ رقاصہ ڈرامہ کے چارٹ کا ایک اہم جزو سمجھی جاتی ہے اور پھر رقاصہ کو اپنی محفل میں گرم رقص و سرود میں رکھایا جاتا ہے لیکن کسی قسم کا رقص اور اسکے ساز و سرود کی گرمی اگر یہاں ہوتے تو کھیل دیکھنے میں کچھ بھی خالی اور بے ذوق نہیں اور کچھ نہیں دیکھی - علاوہ ازیں ڈرامہ کے بعض مقامات میں فحش خالی ہے مثلاً گن سندری جیسی ذلت پست دھرم کی بجاری جیا اشرم کی تبلی اور پھر شکی کی حالت میں دھرم اور حیا کے خلاف اپنے ہونے والے شوہر سے ملاقات کرنا اور اس کا شوہر جاکر جواب دینا بہت اچھا نہیں تھا شوہر و بیوی نہیں انتہائی محبت کرتے ہیں لیکن اگر اپنی بیوی پر شوہر کو بیوی سے جدا ہو کر دکھایا اسطرح کہ بیٹے بیٹھے گھر میں اگر اپنی ایک حالت بھی کوئی [illegible] شروع میں اسی قسم کا کوئی خاص واقعہ دکھایا جاتا - اور بعد میں اس کی تصویر دکھائی جاتی ہے - یہ ایسی معمولی غلطیاں ہیں کہ تماشہ بینوں کی اکثریت عوام ہی ہوتی ہے - اور کم سمجھ سکتے ہیں اور دل برداشتہ ہوتے ہیں - ڈرامہ عجیب ہے اور گلشن نگاروں کی نسبتی سینیریاں بہتر پیروں سے زیادہ کام لیا گیا ہے - ڈرامہ کو دکھلانے میں سنیما والوں نے عجلت نہیں کی اور تمام سے تمام ڈرامہ دکھلایا گیا جو قابل تعریف ہے -

لیاری پر میونسپلٹی کی ستم ظریفیان

(ایک بلوچ مزدور کی قلم سے)

شہر میں میونسپلٹی لیاری پر پیسہ پانی کیطرح بہاتی ہے - صاف ستھری سڑکیں ہیں روشنی کا اعلیٰ انتظام ہے - جابجا پیشاب خانے ولایتی نمونے پر بنے ہوئے ہیں پبلک کیلئے سیرگاہوں اور کسرت گاہوں کا کافی سے زیادہ انتظام ہے - مرد عورتیں بچے غرض ہر ایک کیلئے آرام کا ہر جگہ اور ہر لحاظ سے خیال رکھا گیا ہے - تعلیم گاہوں سے تو شہر پٹا پڑا ہے - عالی شان عمارتیں بنواکر پبلک کو دیجاتی ہیں - ہر قسم کے امراض کے لئے مخلوط اور علیحدہ مردوں عورتوں کے ہسپتال بنے ہوئے ہیں - ان تمام قسم کی سہولیتوں کے بہم پہنچانے کے بعد بھی میونسپلٹی شہر سے ہاؤس ٹیکس لیتی ہے - یا شاپ ٹیکس ————— لیکن اسکے برعکس لیاری کو اگر دیکھیں تو وہاں ولایتی پیشاب خانوں کی کیا بات ؟

تمام لیاری میں ایک پیشاب خانہ بھی نہیں - پاخانوں کا انتظام بھی بہت خراب ہے - پاخانوں کی ایک تو تعداد کم ہے - اور پھر نہایت شکستہ اور ٹوٹی پھوٹی حالت میں ہیں - صفائی تو بجائے خود گندگی یہانتک بڑھی ہوئی ہے کہ سڑک پر سے گذرنا بھی محال ہے - جابجا کوڑا کرکٹ نجاست گلی سڑی چیزیں ڈھیر کا ڈھیر پڑا رہتا ہے - تمام لیاری میں دو چار سڑکیں ہیں اور وہ بھی برائے نام ہیں - روشنی کا تو اول انتظام ہے ہی نہیں اگر بعض مقدر اصحاب نے اپنے ذاتی اثر و رسوخ سے کام لیکر میونسپلٹی سے اپنے گھروں کے سامنے روشنی کا انتظام کرایا ہے تو وہ بھی دقیانوسی طریق پر یعنی ایک موٹا سا ڈنڈا گاڑا اور اسکے سر پر ایک چوکور شیشے کی قندیل سی لگا دی گئی کا سلیٹ ڈالکر روشن کردیں - ہوا چلی نہیں بارش ہوئی نہیں اور بتیاں خاموش ہوئی نہیں - تمام رات تو کوئی بتی جلنے پاتی نہیں کہیں چاند نکل آیا تو بتی گل کردی جاتی ہیں - لیاری کی پچاس ساٹھ ہزار کی آبادی کیلئے ایک سیرگاہ یا ایک کسرت گاہ برائے نام بھی نہیں - بڑی مشکلوں کے بعد چند مدرسے کھولے گئے ہیں - تو وہ بھی ویران اور عجب منحوس عمارتوں میں ہیں - ان میں انگریزی اور غیر ملکی مدرس ہیں جو تعلیم کا شوق نہ پبلک میں پیدا کرسکتے ہیں اور نہ بچوں کے لئے تعلیم دلچسپ بناسکتے ہیں [illegible] لیاری کو اس حالت میں جاکر ہر شخص دیکھ سکتا ہے - باوجود ان تمام باتوں کے پھر بھی لیاری والوں سے ہاؤس ٹیکس علیحدہ اور شاپ ٹیکس علیحدہ لیا جاتا ہے - [illegible] غضب خدا کا ڈکیا جائے تو کیا کیا جائے -

ہم کہاں کے دانا تھے کس ہنر میں یکتا تھے - بے سبب ہوا دشمن غالب آسمان اپنا مگر ہم جو چاول نہ تھی کا کریگا ڈالے کہ ہر قسم کی مصیبتیں دکھ [illegible] غضب اور ستم ٹوٹتے ہیں تو ہم پر جو کیا میونسپلٹی جو پبلک کی ماں سمجھی جاتی ہے بھی ہمارے ختہ حالی پر رحم کریگی ؟ اور اس ہاؤس ٹیکس [illegible] جبر سے ہم مزدوروں کو نجات دلوائیگی ؟

دربار میں سردارزادہ میر حبیب اللہ خان شہوانی کی صریح حق تلفی

سردار محمد خان شہوانی کا افسوسناک انحراف

(ایک نامہ نگار کے قلم سے)

حکیم اکرام اللہ خان کی دوکان پر سردارزادہ میر حبیب اللہ خان شہوانی سے سردار محمد خان شہوانی نے وعدہ کیا کہ میں میر عبدالقادر کے بعد دوسری کرسی کا دربار میں ضرور دلا دیگا - کیونکہ پولیٹیکل ایجنٹ قلات کے دربار سے سید نیاز علی شاہ نے بھی سردار صاحب سے کہدیا تھا کہ سردارزادہ میر حبیب اللہ خان دربار میں دوسری کرسی کا حقدار ہے - لیکن جب دربار کا موقعہ آیا تو اسوقت سردار صاحب نے نہایت طوطاچشمی سے کام لیا - وعدہ کو پس پشت ڈالتے ہوئے پولیٹیکل ایجنٹ کی بات کو بھی خیال نہ رکھا - اور سردارزادہ میر حبیب اللہ خان کو تیسری کرسی دلا - سردارزادہ صاحب نے نہایت شرافت و متانت سے کام لیا - اور اس صریح حق تلفی پر احتجاج نہیں کیا -

ببین تفاوت راہ از کجاست تا بہ کجا ؟

وہ بھی سردار صاحب - اور یہ بھی سردارزادہ صاحب - بھلا ایسے سرداروں سے قوم کو کیا فائدہ پہنچ سکتا ہے جن کے نزدیک حق، انصاف، وعدہ کوئی چیز نہیں - کیا ہم امید رکھیں کہ پولیٹیکل ایجنٹ انہیں دخل دیکر کچھ کریں گے ؟

کراچی میونسپلٹی کا آیندہ انتخاب اور لیاری کوارٹر

آج کل عوام کی توجہ اس طرف لگی ہوئی ہے کہ الیکشن (انتخاب) کے دن قریب آگئے ہیں۔ لیاری کو اب کے ۹ سیٹ (نشستیں) ملی ہوئی ہیں اس امید میں لیاری میں سے سب لوگ جاہل، تعلیم یافتہ، ادنیٰ و اعلیٰ کھڑے ہو رہے ہیں۔

اس سے پیشتر کہ ہم لیاری والوں کے سامنے کچھ کہیں، لیاری کی اکثریت ہماری اپنی مظلوم قوم بلوچ ہے اس موقعہ کھڑوں اور کھوٹوں کی نسبت کچھ کہیں۔ اور بتلائیں کہ کون کون قوم کی بہی خواہی کی نیت سے کھڑے ہو رہے ہیں۔ اور کس کس کو اپنی ذات کی بڑھائی مطلوب ہے ہم سب سے اول میونسپلٹی کی کونسلری پر ایک نظر ڈالیں گے۔

شہر کیلئے روشنی، صفائی، صحت، اسپیر (تعفن)، پانی کا انتظام، مدارس و شفاخانے وغیرہ وغیرہ ایسے لوازمات زندگی انسان کے اساس ہیں جو طریق بہم پہنچانے کیلئے ایک چھوٹی سی جماعت مقرر کی جاتی ہے۔ جو پبلک کا ووٹ دینے کی دیگر اشخاص ممبر بھیجتی ہے۔ یہ اس شہر کی جماعت ہوتی ہے۔ اور اس شہر پبلک کو ہر طرح کی سہولت پہنچانا اس جماعت کا فرض ہوتا ہے۔ اس بڑی انتظام کا نام میونسپلٹی ہے۔ اور اس جماعت کے ہر ممبر کو کونسلر کہا جاتا ہے۔ یہ کونسلری ایک بہت ذمہ دار پوزیشن ہے۔ اس پوزیشن پر اس شخص کو آنا چاہیے۔ جو اسے نبھا سکے جو ایک زندہ دل ہو اور کام بھی جو اور احساس ہو اسکے ساتھ اسکی خواہش یہ ہو کہ مدنظر محض قوم کی بہتری ہو نہ اپنی ذات کی بڑھائی۔

حدیث شریف میں آیا ہے۔ عَنْ أَبِي مُوسَىٰ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَرَجُلَانِ مِنْ بَنِي عَمِّي فَقَالَ أَحَدُهُمَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَمِّرْنَا عَلَىٰ بَعْضِ مَا وَلَّاكَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ وَقَالَ الْآخَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ فَقَالَ إِنَّا وَاللّٰهِ لَا نُوَلِّي هٰذَا الْعَمَلَ أَحَدًا سَأَلَهُ وَلَا أَحَدًا حَرَصَ عَلَيْهِ (الخمسة الا الترمذی)

(ترجمہ) ابو موسیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ میں اور میرے دو چچیرے بھائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان میں سے ایک نے عرض کیا یا رسول اللہ جو علاقے اللہ نے آپ کے سپرد کیے ہیں ان میں سے کسی پر ہمیں حاکم مقرر فرما دیں اور دوسرے نے بھی ایسا ہی کہا۔ فرمایا واللہ یہ کام ہم اس شخص کو نہیں دیتے جو اسکے واسطے درخواست کرے یا حرص رکھے۔

اب لیاری کے تمام مسلمان اپنے پیشوائے اعظم ہادی دین رسول اکرم کی حدیث کو غور سے پڑھیں اور اس کے تحت ان تمام امیدواروں کو دیکھیں جو کونسلری کیلئے کھڑے ہو رہے ہیں۔ اور کھڑے ہونگے۔ ہم اپنے خیالات کا اظہار اگلی اشاعت میں کرینگے۔

(ادارہ)

اسمبلی کے آئندہ انتخابات!

کانگریس ہول ناقرائی واپس لے چکی ہے اور کونسلوں میں داخلے کے حق میں اعلان کر دیا گیا ہے۔ کیونکہ کانگریس کو کئی تجربے کے بعد اس نتیجے پر پہنچی ہے کہ جب تک کونسلوں اور اسمبلی میں ملک کے آزاد خیال اور وطن پرست لوگ داخل نہ ہونگے۔ اس وقت تک ملک و قوم کی صحیح خدمت انجام نہ دی جا سکیگی۔

پچھلے سالوں کے تجربات ہمارے سامنے ہیں۔ اسمبلی کے ممبروں نے جنہیں ملک و قوم کے فائدے کیا جاتا ہے۔ جو جو کام ملک و قوم کی بہتری کے لئے گئے ہیں۔ وہ کسی سے چھپے ہوئے نہیں۔ مگر اب ملک کا گروہ نے آزاد خیال اور ملک و قوم پرست طبقے کو کونسلوں اور اسمبلی میں جانے کی اجازت دے دی ہے۔ تو صرف ہم وطنوں کے لئے اسمبلی کے آئندہ انتخاب میں کامیابی ذرہ مشکل دکھائی دیتی ہے۔ سامنے کیلئے مسلمانان سندھ کے نمائندوں میں سے شیخ حاجی عبداللہ ہارون صاحب کا نام نامی اور اسم گرامی خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ جنہوں نے بلاشبہ سندھ کے مسلمانوں کی قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ اس سلسلے میں رئیس علی محمد خان مری زمیندار پیرانی نواب شاہ کے بے لوث خدمات کو نظر انداز کرنا بے انصافی ہوگی۔ جنہوں نے نمائندہ ہوتے ہوئے بھی اپنے پاک مذہب اپنی نادار قوم اور اپنے نادار صوبہ کے لئے وہ وہ کام کئے ہیں۔ جن سے اہالیان سندھ کبھی بھی سبکدوش نہیں ہو سکتے۔

رئیس صاحب کی انہی بے غرضانہ خدمات کے پیش نظر مسلمانان سندھ کے بہی خواہ ہوں نے ان کو اسمبلی کے لئے کھڑا ہونے کے لئے مجبور کیا ہے چنانچہ ان کی طرف سے اس قسم کا ایک اعلان بھی پچھلے دنوں اخبارات میں شائع ہو چکا ہے۔ رئیس صاحب نے خدمت وطن کی راہ میں جو جو قربانیاں کی ہیں اور جنہیں اٹھائی ہیں ان سے کوئی بھی سندھی مسلمان انکار نہیں کر سکتا۔

اگر مسلمانان سندھ آئندہ کے لئے اپنی بہبود چاہتے ہیں تو ان کو ایسے مجاہدوں [illegible] کو اپنا نمائندہ بنانا چاہیے۔ اگر ایسا نہ ہوا۔ تو مطابق [illegible] سندھ کے مسلمان اپنے غیر مسلمان بھائیوں سے پیچھے ہیں۔ [illegible] رہ جائینگے۔ اس لئے ہم اپنے سندھ کے مسلمان بھائیوں کو [illegible] رئیس صاحب کو کامیاب بنانے کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔ اور ان کے حق میں اپنے قیمتی ووٹ دیکر اپنی آیندہ بہتری کے لئے [illegible] کیونکہ ان کی بہتری تب ہی ہو سکتی ہے [illegible] بہترین خدمت کرنے والے ہوں۔ اس لئے [illegible] خیال ہے جو محبت مذہب اور درد قوم سے ہر وقت لبریز رہتا ہے۔

نامہ نگاروں کی ضرورت

ہمیں کوئٹہ۔ سیبی۔ لورالائی، فورٹ سنڈیمن۔ چمن۔ پشین۔ گلستان۔ قلعہ عبداللہ۔ سنجاوی۔ قلعہ سیف اللہ۔ بارکھان۔ ہندو باغ۔ موسیٰ خیل۔ ہرنائی۔ بوستان۔ کوہلو۔ مچھ۔ کولپور۔ مستونگ۔ نوشکی۔ ڈالبندین۔ بھٹ پٹ۔ قلات۔ خضدار۔ زہری۔ مشکے۔ گاجان۔ جھل۔ ڈھاڈر۔ بھاگ۔ لہڑی۔ تربت۔ پنجگور۔ گوادر۔ پسنی۔ کاہان۔ ڈیرہ بگٹی۔ مٹھڑی۔ گنداواہ۔ اور حاجی کے لئے ایسے با اعتبار ملکی نامہ نگاروں کی ضرورت ہے۔ ہمیں جو مقامی اور گرد و نواح کے ہر قسم کے مصدقہ حالات سے ہفتہ وار مطلع کیا کریں۔ جنکو ہم اخبار بلا قیمت بھیجا کرینگے۔ خواہشمند اصحاب ہم سے خط و کتابت کریں۔

(مینیجر)

Yousaf Aziz Magsi Chair

بلوچستان کے قائد اعظم خان عبدالصمد خان اچکزئی کا بیان عدالت میں

حقائق و البصائر کی منہ بولتی تصویر

گذشتہ سے پیوستہ

بلا[illegible] گناہ

اسلئے میرے نزدیک محبت نفرت - اور فریب رہی - جسمیں ہر قسم کی [illegible] ہیں - جو بڑے گناہ ہیں - مجھے عدالت [illegible] کو بھی بڑے گناہ خیال کرتا ہوں - لیکن دوسرے [illegible] بعض حالات میں اسے صرف جائز نہیں بلکہ ضروری سمجھتا ہوں [illegible] کے بدلے ایک مچھر تک کو آزار دینا گناہ خیال کرتا ہوں [illegible] حکومت اس کے قائم کردہ حدود انسانیت کے قیام کے لئے [illegible] مذہب کے خلاف ہے - میں تمام جانداروں کے قتل کو بھی اگر ضرورت [illegible] نہیں خیال کرتا - مجھے امید ہے - اور میں خدا سے توفیق چاہتا ہوں - ہر وقت آنے پر اپنا عزیز سے عزیز متاع اور [illegible] اپنا بھائی اسد اللہ اور بچہ [illegible] تک کو اس کے محور پر قربان کر دونگا - شاید میں ایسا نہ کروں - مگر چونکہ میں مسلمان ہوں - اور ایک مسلمان کے متعلق اللہ نے پہلے ہی سے فیصلہ سنا دیا ہے - کہ وہ اور اسکا مال اللہ کی رضا کے عوض فروخت ہو چکے ہیں - اسلئے میرے نسبت یہ کہنا کہ میں نے اس حکومت سے نفرت پھیلانے کی کوشش کی ہے - صریح بہتان ہے میں آجتک اس حکومت سے نفرت نہیں کرتا - بلکہ میں اسکی بعض معمولی تبدیلیوں پر بھی اسکا مشکور ہونگا - میں نے اپنے مقاصد [illegible] کے حصول کے واسطے [illegible] کے متعلق مسٹر [illegible] پولیٹیکل ایجنٹ کوئٹہ سے گفتگو کی - [illegible] مگر اس صاف گو انسان نے مجھ سے صاف کہہ دیا کہ ہندوستان کے عام سوال کے [illegible] حکومت کسی بھی تحریک کو بلوچستان میں جاری رہنے کی اجازت نہیں دے سکتی - جبکہ مقصد فقط آئینی اصلاحات ہیں - بلوچستان کا چپ چاپ اپنی محرومی پر صبر کرنا بھی ناممکن تھا - مسٹر [illegible] نے ایک ملاقات کے دوران میں صاف تسلیم کیا کہ [illegible] اور حکومت کے مقاصد بلحاظ طریق کار میں کوئی تفاوت نہیں - اسوقت میں بھی وہی ہوں - حکومت بھی وہی - اگر کوئی فرق آگیا ہے - تو [illegible] میں - اصلاحات بلوچستان کے وقت کے متعلق حکومت [illegible] خیال ہے کہ آئینی اصلاحات میں بلوچستان کو کچھ عرصہ

پہنچ رہا ہے - جو میرے خیال کے بالکل مخالف ہے - میں اور میری جماعت چاہتی ہے - کہ ہمیں آئینی اصلاحات میں دیگر صوبجات ہند کے مساوی حصہ ملنا چاہئے اس سے یہ مقصد نہیں کہ میں حکومت سے نفرت کرتا ہوں یا نفرت پھیلانے کی کوشش کر رہا ہوں - یہ میرے [illegible] کہ میں حکومت سے نفرت نہیں کرتا - اور میں نے نفرت پھیلانے کی کوشش نہیں کی - باقی رہا یہ - کہ اگر میں نے [illegible] کی ہو - مگر میری تقاریر [illegible] نے نفرت پھیلائی ہے - اس سے بھی انکار کرتا ہوں کیونکہ مجھے ایک ملک [illegible] کا اثر خوب معلوم ہے - لیکن تقاریر کے متعلق [illegible] دیکھا جائے [illegible] جہاں نفرت پھیلتی ہے - یا پھیلائی جاتی ہے - میں نے [illegible] برباد [illegible] میں - میں نے اس جوش [illegible] مجمع میں پھیل [illegible] جنہیں میری تقریر [illegible] سکول [illegible] میں دیکھا - [illegible] سکولوں کی تعلیم دینی ضرور تھا [illegible] بلوچستان کے ساتھ ہمدردی کا پیدا ہو گئی - جیسے کراچی کے جلسہ کی تجویز سے واضح ہے - اگر [illegible] نفرت پھیلتی - تو حکومت بلوچستان کے برخلاف اظہار نفرت کا [illegible] ہوتا - [illegible] ہمدردی کی تجویز اسلئے مجھے یقین ہے کہ میری تقاریر [illegible] نفرت [illegible] پھیل سکتی ہے - درحقیقت اگر مجھے یقین ہو جائے [illegible] حرکت سے حکومت یا کسی فرد کے خلاف نفرت پھیلنے کا اندیشہ ہی ہے - [illegible] کفارہ کے لئے شاید عمر بھر اس حرکت سے [illegible] طور پر باز آؤں - چاہے وہ تقریر و تحریر ایک [illegible] فرض ہی کیوں نہ ہو -

نفرت کس طرح پھیلتی ہے

درحقیقت حکومت کے خلاف نفرت پھیلتی ہے - وہ کسی کی تقریر کی وجہ سے نہیں - بلکہ وہ حکومتوں کے بعض اعمال کی وجہ سے پھیلتی ہے بالخصوص اسوقت جبکہ حکومت یہ خواہش رکھے کہ [illegible] ہی رہوں - [illegible] ہو جاؤں - [illegible] عمر [illegible] سمجھتے رہیں - اگر حکومت اپنی ملک کی خواہشات کے ساتھ بالکل دیر میں ہی سہی [illegible] کم از کم تبدیلیاں پیدا کر دی جائیں - تو نفرت کی بجائے محبت پھیلیگی - جو تقاریر کی جاتی ہیں - یا جو مضامین لکھے جاتے ہیں - اگرچہ ان میں قوم کو ہی خطاب کیا جاتا ہے - لیکن اکثر [illegible] لکھے جاتے ہیں کہ حکومت [illegible] غور کر کے اپنے اس شعبہ میں تبدیلی پیدا کرے مثلاً میرا وہ مضمون جیل کے متعلق صحیح واقعات درج ہیں - خلاف اس جذبہ کے تحت لکھا گیا ہے - اگر حکومت اپنے اس شعبہ میں تبدیلی پیدا کرتی تو وہ دیکھتی - کہ ساری دنیا بھی اگر عبدالصمد [illegible] تو بھی اسکے خلاف نفرت پیدا نہ کر سکتی لیکن حکومت اسکے خلاف [illegible] مصر ہے کہ جیل خانہ میں بھی یہی حالت [illegible] رہیگی اور لوگ اسے اچھا بھی کہیں - تب نفرت کا پھیلنا ضروری ہے - اسکے علاوہ [illegible] کے محافظ [illegible] بعض اوقات [illegible] سختی کرنے [illegible] نفرت پھیل جایا کرتی ہے - مثلاً کراچی کے جلسہ میں ایک پارسی بھائی نے بلوچستان کی پولیس کے ساتھ اپنا ایک واقعہ بیان کیا کہ مجھے کوئٹہ میں صرف اسواسطے [illegible] ہونے نہیں دیا - کہ میرے کوٹ پر ایسے [illegible] لگے ہوئے تھے جن پر ہندوستان کے قومی جھنڈے کی تصویر تھی - اور مجھ سے مطالبہ کیا گیا - کہ اسے اتار دیں تو آپ شہر جا سکتے ہیں - ورنہ نہیں - ایک اور [illegible] حضرت نے ذکر کیا - کہ مجھے [illegible] میں مسلم [illegible] کے [illegible] پولیس کے ہاتھوں [illegible] مصائب برداشت کرنے پڑے - میرا ایک دوست [illegible] کا باشندہ ہے - اور جسکے والد صاحب [illegible] قرآن بردار تھا - اور نواب شاہ [illegible] ڈسٹرکٹ بورڈ کا صدر تھا [illegible] ۳۲ [illegible] پاس [illegible] کوئٹہ [illegible] تو پولیس [illegible] پولیس سرائے میں [illegible] کوئٹہ [illegible] میں [illegible] یا اس جماعت کا [illegible] اعتراض کرنا [illegible] کے ایک [illegible] کوشش کی ہے - [illegible] نفرت [illegible] حکومت میں [illegible] خرابیاں نہ ہوں [illegible] پر اصرار نہ ہو - تو یہ بات خلاف عقل ہے کہ اسکے خلاف خود بخود کسی کی کوشش [illegible]

Yousaf Aziz Magsi Chair

سرداری کی تاریخی حیثیت اور موجودہ صورت

(از جناب محمد امین صاحب کوئٹہ)

میں نے اپنے کسی گذشتہ مضمون میں لکھا تھا کہ انفرادی طور پر سرداروں میں "انسانوں" کی کمی نہیں۔ لیکن رونا صرف اس بات کا ہے، کہ سرداری ایک انسٹی ٹیوشن کی حیثیت میں یا مجموعی لحاظ سے ایک نہایت ہی خطرناک مرض کی صورت اختیار کر چکی ہے۔ جو قوم بلوچ کو بڑی حد تک نیست و نابود کر چکی ہے۔ اور اگر یہ حالت رہی تو شاید بلوچ انسانیت کا ایک معطل عضو ہی رہ جائیگا۔

آیئے۔ ہم اس بیان کی صداقت "تاریخی نقطۂ نگاہ" سے دیکھیں۔ ایک تاریخی واقعہ ہے، یہ مثل زبان زد خلائق ہے میں اس مقولہ کی حیثیت اچھی طرح جانتا ہوں۔ اور مجھے علم ہے کہ کیسے اس کے اور ضرب المثلوں سے حقیقت کے چھپانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اور یہ مقولے سراسر جھوٹ ہوا کرتے ہیں۔ لیکن یہ روایت جہاں تک آج کے موضوع کا تعلق ہے۔ ہم "تواریخ" پر ایک اجمالی نظر ڈالتے ہیں۔ اور اصلی بلوچ قوم کی "سرداری" کی جگہ مقرر کرتے ہیں۔

اس میں تو بہت اختلاف ہے کہ انسان کی ابتدائی زندگی کیسے گذری، آیا وہ ابتدا ہی ایک پاک اور مقدس زندگی موجودہ صورت سے بالا تر بسر کرتا یا وحشیانہ ..... ایک دور ایسا آیا جبکہ لوگ مختلف گروہوں یا مجموعوں میں منقسم ہوگئے۔ اور ہر گروہ ایک سرگروہ یا سردار کی سرکردگی میں دوسرے گروہوں کو دشمن سمجھکر اپنی حفاظت یا اپنی طاقت بڑھانے کی خواہش سے زیر اور مطیع کرتے۔ مسلح دنیا کا یہ عجیب غارتگری اور کشت و خون کا ایک عجیب منظر پیش کرتا۔ عجیب منظر اس لیے کہ آج کل کے مہذب کشت و خون سے اسکی پیش رو کی صورت ہی اگر مختلف تھی تو وہ مارنے کا طریقہ تھا۔ اور بس۔

کشت و خون آج بھی ہے۔ اور غارتگری بھی۔ لیکن آج کی غارتگری بہت ضدیار سخت ہوا کرتی۔ یہ سردار اور سرگروہ ہمیشہ اسکی کوشش کرتا کہ قوم اسکی پوری اور مکمل اطاعت کرے۔

اسلیے وہ ایسے کام کرتا جس سے اسکی پہلوانی، طاقت اور مردانگی کا سکہ لوگوں کے دلوں پر جم جائے۔ اسکی بہادری اسے لوگوں میں مرغوب بناتے۔ چونکہ وہ سب سے بہادر ہوتا تھا۔ اس لیے لوگ اسکے ہر حکم کو دیدہ و دل اپنا فرض ہی فرض سمجھتے۔ ایک کمزور اور بزدل کبھی قوم کا سردار نہیں بن سکتا۔ جو کسی جنگ سے بھاگ جاتا یا گھر واپس ہوتا۔ وہ سردار اپنی عورت ہی کے طعنوں سے تنگ آکر اپنے آپکو ختم کر دیتا۔ اس قسم کا سردار قوم سے کسی حیثیت میں "بالاتر" نہیں ہوتا تھا۔

وہ قوم کا ایک ادنیٰ رکن ہوتا۔ ان جیسا کھاتا اور ان جیسا پہنتا۔ اسے معاشرتی زندگی میں کسی قسم کا امتیاز حاصل نہ تھا۔ اسکا امتیاز صرف فرض منصبی تھا۔ جب لڑائی ہوتی تو وہ ایک صدر کی حیثیت میں سارے قبیلہ یا سارے گروہ کے لڑنے کے قابل جوانوں کو بلاتا اور باہمی مشاورت سے لڑائی وغیرہ کا طریقہ مقرر ہوتا۔ دشمن کو شکست ہوتی تو مال غنیمت کا حصہ سردار کو کچھ زیادہ نہ تھا۔ سردار کو معین رقم دی جاتی۔ مگر اسے قومی کاروبار چلانے میں کل زراعت حاصل ہو۔ وہی گروہ لڑائی میں شکست کھاتا۔ تو۔ جرمانہ کی صورت میں مشترکہ ہوتی۔ ساری قوم کچھ نہ کچھ دیتی۔ اور اس لکھنے کی ضرورت نہیں کہ سارے قوم کی مالی حالت بھی یکساں ہوا کرتی تھی۔

آپ یہی کیفیت راجپوتوں کے "سرداروں سسٹم" میں پائینگے۔ یہی کیفیت وسط ایشیا کے لیڈر گروہوں میں پائینگے اور یہی کیفیت مرہٹوں کی تھی۔

بلوچ سردار سسٹم بھی اسطرح شروع ہوا۔ بلوچ دنیا کی اور قوموں کی طرح اتنا جنگجو نہیں تھی۔ اور کبھی موقع لڑنے بھڑنے کا نہ تھا تو آپس میں ..... تھا۔ پہلے تو یہ لڑائیاں کسی مرغزار کسی پانی کے چشمے ..... وہ لوگ کسی عورت پر ہوا کرتی۔ یہی لڑائی اور تنازع کی چیزیں قدیم زمانہ (کے بلوچوں) میں ہوا کرتیں۔ وہ گھوڑا دوڑ انہوں نے دیا ..... (اگر گالیوں) پر کہیں کسی کا گھوڑا دوڑ پر عرب ..... قتل اور برسوں سے باہمی لڑائیاں ہوتیں۔

یورپ کے نائیٹس (یا امراء) کے قصے جنہوں نے سنے ہونگے وہ پھر جاکر دیگر سرداروں کی لڑائیاں ..... بھی ترنم پائینگے۔

لیکن آج کہاں ہیں وہ نڈر اور اپنوں کے دوڑ انے والے؟ کہاں ہیں وہ عرب نسلی اور حمزہ کے رفقوں پر لڑائی کرنے والے؟ کہاں ہیں وہ راجپوت سورماؤں "کے موقعوں پر کٹ مرنے والے؟ کہاں ہیں وہ یورپ کے نائیٹ "اپنی لیڈی کی خاطر" ..... کے آگے جھک کر پرے جاکر اور ان جنگ میں فدا کرنے والے؟ زمانہ کے رفتار نے انکو مٹا دیا۔ وہ ختم ہو چکے۔ سب کے سب رفتی افسانہ ہوگئے۔ انکا وجود آج اگر کہیں ہے تو وہ کسی کتابوں کے کیڑے مورخ کے دماغ میں ہوگا۔ اور بس۔

اب آیئے اور بلوچ قوم کی سرداری پر نظر ڈالیے۔ وہ شخص جو کسی زمانہ میں ایک تیرے گروہ کا سرگروہ تھا۔ اسکا گھوڑا ایسا دبلا اور پتلا تھا۔ جیسا کہ اس کے آدمیوں کا جو لوگوں سے الگ گذارا کرتا۔ آج وہ ایک جلیل القدر مالک کی حیثیت میں ایسی قوم پر حکومت کر رہا ہے، اس سے پہلے ایک نہیں سینکڑوں ایسے واقع ہوئے ہیں کہ جو سردار قوم کی نظروں میں گر گیا۔ وہ یا تو تہ تیغ کیا گیا یا سرداری سے ہٹایا گیا۔ جسکو بھی اچھی طرح سے ذہن نشین کیا جائے۔ کہ یہ رسم صرف بلوچوں تک محدود تھی ہر قوم نے جسکا معاشرتی نظام بلوچوں جیسا تھا اپنے سرگروہ کو ایک خادم سمجھا۔ جب تک اسے خدمت کی مخدوم سمجھا جاتا۔ جب خدمت سے وہ ذرہ بھر تغافل برتنے لگا۔ اسکا خاتمہ!

سرداروں کی جو آج حالت ہے اس پر میں کیا کہوں؟ قوم بھوک کی شدت سے تباہ ہو رہی ہے۔ اور سردار صاحب قارون کے حقیقی رشتہ دار معلوم ہوتے ہیں۔ بلوچستان کا ہر سردار اور اسکی پوزیشن میرے اس بیان کی صداقت پر گواہی اور شہادت پیش کر سکتی ہے۔ آپ پوچھینگے کہ جب ہم کتابوں اور جگہ تو سردار سسٹم ختم ہو چکا۔ یہاں بلوچوں میں اسکا وجود کیسے!

حقیقت میں تو یہاں بھی سرداری کو تاریخی صورت نہیں رہی۔ اسکی شکل تبدیل ہو گئی۔ سرداری کی شکل تبدیل ہوئی۔ ..... یہ تو ذرا مشکل سے سمجھ میں آوےگا۔ لیکن اتنا تو آپ سمجھ سکتے ہیں کہ خود سرداروں کی شکلیں اور صورتیں تبدیل ہو گئیں؟

وہ لمبے بال اور بڑی داڑھیاں جنپر بلوچوں کا ایمان ہے آجکل آہستہ آہستہ تدریجاً کم ہو رہی ہیں۔ اس تبدیلی میں مجھ جیسا آدمی تو کم از کم ایک لطف حاصل کر سکتا ہے۔ اور بڑے زور سے ایک قہقہہ لگا سکتا ہے۔ کہ داڑھیوں کے خلاف تو بلوچستان میں جہاد سرداروں کا جاری ہو گیا اور ایک ایسی تحریک شروع ہو گئی۔ دو دور افتادہ بلوچی علاقہ کے سرداروں نے بھی اس جہاد میں حصہ لیا۔ کیوں؟ داڑھی کیوں اڑائی؟ شاید یہ میرا سوال کسی میرے کلین شیوڈ دوست کو تعجب اور ..... معلوم ہو۔ کہ جناب بیسویں صدی ہے اور ..... کا دور ..... روشنی۔ اور نیا زمانہ۔ نئے کام اور نئے طریقے ..... کو سنا جرم کیا۔

(باقی آئندہ)

Yousaf Aziz Magsi Chair

جناب عرض محمد خان کا مکتوب گرامی

مکرم محترم جناب مدیر صاحب سلام علیک۔ آپ کا بھیجا ہوا اکیم بوں کا پرچہ معہ چھپے ہوئے خط کے ملا جسے دیکھ کر میری آنکھوں میں خون اتر آیا۔ دکھ ہے مجھے انکے اصیل بلوچستانی ہونے سے انکی وطن دوستی سے انکی قومی غیرت سے بلکہ انکے مسلمان ہونے سے جو اس پر آشوب زمانے میں اور اس ضرورت کے موقعہ پر "بلوچستان جدید" جیسے قومی آرگن کا خریدار نہ بنے وہ پڑھا لکھا بلوچستانی نہ محض وطن کا غدار ہے۔ بلکہ وہ حکومت کا بھی نمک حلال ہرگز ثابت نہیں ہو سکتا چاہے ریاست قلات کا ہو چاہے انگریزی حکومت کا۔ یہ دونو حکومتیں نادان نہیں ہیں وہ سمجھتی ہیں کہ جس شخص کو اپنی قوم اپنے وطن اور اپنے مذہب کی پرواہ نہ ہو۔ ان سے غداری و نمک حرامی اور منافقت کرے وہ ہرگز حکومت سے وفا نہ کریگا۔ وہ وقت آنے پر حکومت سے بھی ایسی دغابازی اور نمک حرامی کر جائیگا۔

یہ ظالم سردار اور حکومت کے عمال تو اس قومی اخبار کو چندہ دینگے نہیں بلکہ اسکو ملیا میٹ کرنے کی سعی بلیغ کرینگے۔ کیونکہ جب سے یہ قومی آرگن نکلا ہے [illegible] ان ظالموں کے ہر وقت اور من چاہے ہاتھ ڈالنے اور شکنجے میں کر کے لینے سے بہت کچھ محفوظ ہو بیٹھے ہوئے ہیں انکو ہمیشہ خوف رہتا ہے [illegible] پر اور بے عمل کسی شکنجے پر ہاتھ ڈالا نہیں۔ اور اس "بلوچستان جدید" نے ان کو لیا نہیں۔ ان کی یہ خوفزدگی اور ہراس [illegible] نہیں لگے آتے والے مظالم سے چھڑائے ہوئے ہے۔ لیکن ان کم بخت اور نادان عام بلوچستانیوں کو اسقدر عقل کہاں جو کہ اس رمز کو سمجھیں اور [illegible] انکو [illegible] آتی ہے کہ وہ اس قومی آرگن کو زندہ رکھیں اس قومی آرگن کیلئے نہیں بلکہ اپنے آپ کو مظالم کے پنجے سے چھڑا لینے کی خاطر محض چار روپے سال تک کیلئے دیں۔ [illegible] برعکس جب ان پر ظلم ہوتا ہے تو اس ظلم کی سختیوں کے علاوہ ان کا بہت پیسہ ضایع ہو جاتا ہے سینکڑوں ہزاروں روپے انکو جرمانے [illegible] رشوتوں اور چاپلوسیوں میں انکو روپے بہا دینے پڑتے ہیں کاش ان کو اسقدر عقل ہو اسقدر فہم و فراست اور اسقدر دیانت ہو کہ وہ چار روپے [illegible] ان مظالم سے چھوٹ سکتے ہیں اس زبردست اور مالی زیاں سے بچ سکتے ہیں خانہ بدوش کے غیرت کش طرز و طریق سے محفوظ رہ سکتے ہیں اور [illegible] ہیوں سے نجات مل سکتی ہے۔

جناب مدیر صاحب! یہ یہاں ایک مختصر سا [illegible] بلا قطع و برید اور فوراً شایع کریں۔ میں اپنے قومی بھائیوں کے جمود [illegible] بدبختی سے متاثر ہو کر کچھ زیادہ کروں تو اس کا بوجھ میری گردن پر ہے [illegible] لعن طعن کے بغیر رہ نہیں سکتا۔ کہ جنہ انکو خریدار بہم پہنچانے میں بہت تساہل و تغافل سے کام لیا ہے۔ اب میں حلف اٹھاتا ہوں [illegible] وزارت [illegible] میں ایک خریدار بہم انکو بطور اعانت بھیج رہا ہوں اور دوسرے بھائیوں کو بھی توجہ دلاؤنگا۔ اگر بلوچستان کے [illegible] افراد [illegible] خود خریدار نہیں خریدار بنائیں خود علیحدہ دیں اور علیحدہ [illegible] رہے کہ کل مسلم لیگ [illegible] کیلئے ہزاروں روپے اکٹھے ہو سکے۔ لیکن اخبار کے [illegible] اسقدر بھی [illegible] وہ اپنے پاؤں پر کھڑا ہو جائے۔

بالآخر میں آپ دونوں سے بھی ضرورت گذارش کروں گا۔ کہ [illegible] استقلال سے آپ دونوں نے قلم لیکر ایثار و [illegible] پر بجھا کیا ہے اور نہایت فراخی اور کھلی پیشانی سے اپنی جانوں پر کھیل رہے ہیں [illegible] کام کرتے جائیں [illegible] کا ہرگز ہرگز ہمت نہ چھوڑیں۔ اسمانی قدرتیں ہمیشہ حق کے حامیوں کیلئے ہیں [illegible] آپ لوگوں پر بھی [illegible] استقلال انکی کامیابی کا [illegible] عنقریب اسمان میں بکھیر دیگا۔ آپ اطمینان رکھیں۔ $\frac{1}{44}$ ۱

(آپکا خادم عرض محمد بلوچستانی)

تعداد برائے حق از بہر خود عزیز دار

کہ بندہ خوبی ار خوبی خداوند است

میرے قومی بھائیو! تم بلوچستان جدید کے خریدار اس لئے نہ بنو کہ بلوچستان جدید زندہ رہے اس لئے بنو کہ تسلیم و عقفا شکور یہی بلکہ اس لئے کہ تم ظالموں کے ظلم سے بچو تم زبردستوں کی زبردستیوں سے رہائی پاؤ۔ تمہاری جائداد اور تمہارا مال غصب کرنیوالوں اور دستبرد والوں سے محفوظ رہیں تمہارے اور تمہارے بھائیوں کے حقوق بحال رہیں تم ذلیل و رسوا نہ ہو جاؤ میدانوں میں تم سیال نہ رہو تمہارے دکھ اور تمہاری مصیبتیں ایک ایک کرکے ہٹائی جائیں خوشحالی قریب آتی جائے۔ میرے عزیز وطن ! بلوچستان جدید کی قدر نہ کرو تسلیم و عقفا کی عزت نہ رکھو لیکن کہاں کی مسلمانی ہے کہ تم اسلام کے خدمت کرنیوالوں سے محبت نہ کرو کس طرح کی قومی غیرت ہے کہ تم کو قعر ذلت سے نکالنے والوں کی عزت نہ کرو۔ یہ کس جگہ کا حب الوطنی ہے کہ وطن کے پروانوں کی مدد نہ کرو کیا تم مذہب وطن اور قوم کے واسطے ایک سال میں چار روپے قربان نہیں کر سکتے؟ کیا مذہب سے تم کو گھر زیادہ عزیز ہے؟ کیا لکھوں وطنی بھائیوں کی خاطر سے تم کو ایک مہمان دوست کی زیادہ تر اضع منظور ہے؟ کیا وطن عزیز کو ہر گز برا معیار لگتا ہے؟ کہ تم گھر کے بنانے کیلئے سینکڑوں بلکہ ہزاروں روپے

صرف کرو ایک مہمان دوست کی مہمانداری میں کئی روپے خرچ کر ڈالو۔ اور بے تکلف گھوڑا نہ چائے پانی پر ضرورت سے زیادہ اسراف سے کام لو لیکن مذہب، قوم اور وطن کی خدمت کرنے والے اخبار کیلئے تمہارے پاس چار روپے کی گنجائش نہیں پھر کیوں نہ اسمانی و بجلی تم پر ٹوٹیں؟ پھر کیوں ذلت چاروں طرف سے تم کو گھیرے؟ پھر کیوں افلاس تم سے لگا نہ رہے؟ پھر کیوں نہ اغیار تم پر برسیں؟

میں یہ تسلیم کرتا ہوں تمہارے بتلانے سے پہلے مان لیتا ہوں کہ بعض بلوچ وطن اپنے نجی احوال سے مجبور ہوتے ہیں اور وہ کھلم کھلا میدان میں قومی خدمت کرنے سے معذور ہوتے ہیں۔ لیکن کیا وہ ایک مکمل سال کیلئے چار روپے بھی اس غریب قوم و وطن کے خدمت کرنے والے جریدہ کو چندہ نہیں دے سکتے؟ کیا وہ مالی روزنامچہ اس عرض کیلئے کچھ نہیں بچا سکتیں؟ جو ایسا نہیں کر سکتا تو مجھے انکی اسلام پرستی قوم پروری اور وطن دوستی سے انکار ہے ایک بار نہیں ہزار بار انکار .... اس سے زیادہ لکھنا میں پسند نہیں کرتا ۔۱

پانچسو روپیہ کا نقد انعام ۴۴

طلائو ایجاد رجسٹرڈ

ڈاکٹر فرانس کا علاج کمزوری و نامردی

جو لوگ بچپن کی غلط کاریوں یا کسی اور وجہ سے کمزور ہو گئے ہوں تو وہ اس طلاء سے فائدہ حاصل کریں طلاء کے ہمراہ حب مقوی باہ بھی روانہ کی جاتی ہیں جو اس طلاء کو بیکار ثابت کرے اسکو پانچسو روپیہ کا نقد انعام دیا جائیگا۔ قیمت [illegible]

پتہ:- الیس ایم عثمان اینڈ کو آگرہ

سنہری موقعہ

سنہری موقعہ

ستا سبک اور سفری گراموفون

سو روپے کی قیمت کا پندرہ روپے میں

صرف [illegible] تعلیم یافتہ [illegible] کی مکمل پتہ معہ پانچ روپیہ بھیجدیں [illegible] کو فوراً ایک [illegible] سفری گراموفون [illegible] روپیہ [illegible] بذریعہ [illegible] بھیج دیں گے۔

جلدی کریں دیر نہ لگائیں [illegible] ایسے موقعے [illegible] ہاتھ لگتے ہیں

انڈو ٹریڈنگ کمپنی بھیجیا [illegible]

بلوچستان جدید میں اشتہار دینا [illegible] کا سبیل ہے